Daily PUBLIC KARACHI
روزنامہ پبلک کراچی
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 12 | بدھ 30 ستمبر 2026ء 17 ربیع الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 189

وزیراعظم شہباز شریف کی بین الاقوامی کاروباری شخصیات کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

پاکستان کے معاشی اشاریے اوپر جا رہے ہیں، پاکستان سرمایہ کاری کے لیے موزوں جگہ ہے، وزیرِ اعظم شہباز شریف

وزیرِ اعظم کا لندن اسٹاک ایکسچینج کا دورہ ، کاروبار کے آغاز کی روایتی تقریب میں شرکت ،برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹپو عثمان بھی وزیرِ اعظم کے ہمراہ تھے



شہباز شریف سے چیئرمین لیبک ایڈوائزری کے سربراہ لارڈ ملک میڈول کی سربراہی میں رو کیل اینڈ پنی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

لندن (آئی این پی) وزیرِ اعظم شہباز شریف نے بین الاقوامی کاروباری شخصیات کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دے دی۔ وہ منگل لندن کے ہوٹل میں سرمایہ کاروں نے وزیرِ اعظم شہباز شریف سے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کے معاشی اشاریے اوپر جا رہے ہیں، پاکستان سرمایہ کاری کے لیے موزوں جگہ ہے۔ وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب اور طارق فاطمی بھی وزیرِ اعظم کے ہمراہ موجود تھے۔ اس سے پہلے وزیرِ اعظم نے لندن اسٹاک ایکسچینج کا دورہ کیا اور کاروبار کے آغاز کی روایتی تقریب میں شرکت کی۔ برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹپو عثمان بھی وزیرِ اعظم شہباز شریف کے ہمراہ تھے۔

پنجاب میں شفافیت ای گورننس کے فروغ کیلئے جدید ای پروکیورمنٹ سسٹم نافذ

ای پروکیورمنٹ سے مالی سال 2025-26 کے دوران خزانے کے 70 ارب روپے کی بچت ہوئی، اجلاس کو بریفنگ

ای بز پورٹل پر 420 خدمات آن لائن فراہم، چیف سیکرٹری پنجاب کا بقیہ مینوئل سروسز کو بھی پورٹل کا حصہ بنانے کا حکم

لاہور (صباح نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں شفافیت اور ای گورننس کے فروغ کیلئے صوبائی حکومت نے ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے سویے میں جدید ای پروکیورمنٹ سسٹم باقاعدہ طور پر نافذ کر دیا ہے۔ سرکاری خریداری کے پورے نظام کو مکمل طور پر ڈیجیٹل اور شفاف بنانے کیلئے تمام صوبائی محکموں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ یہ ہدایات چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے جمعرات کے روز سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ ایڈمنسٹریٹو سیکرٹریز کے ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں۔ حکام نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ای پروکیورمنٹ سسٹم سے مالی سال 2025-26 کے دوران صوبائی خزانے کو 70 ارب روپے کی خطیر رقم کی بچت حاصل ہوئی ہے۔ اس جدید ترین ڈیجیٹل نظام پر اب تک 7 ہزار سے زائد پروکیورنگ ایجنسیاں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ایک کروڑ 18 لاکھ روپے کے جعلی چیک کیس کے ملزم کی ضمانت خارج

احاطہ عدالت سے فراری کوشش، پولیس اور سیکورٹی اہلکاروں نے ملزم کو پکڑ لیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ایک کروڑ 18 لاکھ روپے کے مبینہ جعلی چیک کے مقدمے میں نامزد ملزم عامر کی ضمانت کی درخواست خارج کر دی، ضمانت خارج ہوتے ہی ملزم نے احاطہ عدالت سے فرار ہونے کی کوشش کی تاہم پولیس اور سیکورٹی اہلکاروں نے اسے پکڑ لیا۔ تفصیلات کے مطابق جعلی چیک کیس میں ملزم عامر کی ضمانت کی درخواست پر لاہور ہائیکورٹ میں سماعت ہوئی۔ جسٹس خالد اسحاق نے ملزم کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ عدالت کی جانب سے ضمانت کی درخواست خارج کیے جانے کے بعد ملزم عامر نے احاطہ ہائیکورٹ سے فرار ہونے کی کوشش کی۔ ملزم کی فراری کوشش پر مدعی، ملزم پارٹی اور پولیس اہلکاروں کے درمیان ہاتھا پائی شروع ہوگئی، جس کے باعث ہائیکورٹ کے احاطے میں صورتحال کشیدہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ملکی معیشت کے لئے کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ناگزیر ہے، گورنر پنجاب

لاہور (خصوصی رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ کاروباری افراد کا ملکی ترقی میں کلیدی کردار ہے، ملکی معیشت کے لئے کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ناگزیر ہے۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں پیپز مین شاہ عالم مارکیٹ بورڈ اور مہر ایگیکلچر لاہور چیمبر آف کامرس سید (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)



کرن صوبائی اسمبلی نعیم اعجاز وٹیری ہسپتال چونترہ میں ایمرجنسی روم کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

صدر مملکت سے وزیراعظم کی ملاقات، پنجاب میں دہشتگردی کے خلاف جاری آپریشن پر بریفنگ

صدر اور وزیراعظم شہباز شریف کا بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، پاکستان کے امن واستحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، زرداری، شہباز شریف

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے منظم خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، پاکستان کے امن واستحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مذاکرات کیلئے ازکار نہیں بانی PTI کی رہائی کا فورم عدالت ہے، وزیر قانون

گورنر راج کا تو مزاحمت کرینگے، پرتشدد احتجاج کی کال کی بانی کی رہائی کروائی جائے تو ایسا نہیں ہوسکتا، اعظم نذیر تارڑ

قانونی اور آئینی طریقہ کار کے ہوتے پی ٹی آئی کارکن چاہتے ہیں کہ جلسے جلوس اور شہروں پر چڑھائی کر کے بانی کی رہائی کروائی جائے تو ایسا نہیں ہوسکتا، اعظم نذیر تارڑ

**دہشت گردی کو بنیاد بنا کر گورنر راج نہیں لگ سکتا، نیشنل ایکشن پلان کے تحت کارروائیاں کی جائیں، 4 اکتوبر کو مارچ کی کال پی ٹی آئی کا ذاتی فیصلہ ہے، چیئرمین پی ٹی آئی مشورہ دے دیا، ایک بیان میں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ حکومت نے پی ٹی آئی سے مذاکرات سے انکار نہیں کیا، بار بار بتا چکے اس کا فورم عدالت ہے، پی ٹی آئی مذاکرات میں اپنے لیڈر کی رہائی چاہتی ہے، جلسہ، جلوس کو ایجی ٹیشن سے تحریک انصاف کو نہیں روکا، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے تحریک انصاف کو انتباہ کرتے ہوئے کہا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)



لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ستھرا پنجاب سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

شہریوں کو بڑے فونٹ میں ایف آئی آر کی کاپی فراہم کرنے کا فیصلہ

عملدرآمد بھی شروع کر دیا گیا، پولیس کی جانب سے لاہور ہائیکورٹ کو آگاہ کیا گیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب بھر میں شہریوں کو اب ایف آئی آر کی کاپی بڑے اور واضح فونٹ میں فراہم کی جائے گی، پولیس نے عدالت کو آگاہ کیا ہے کہ ایف آئی آر کا فونٹ بڑا کرنے سے متعلق درخواست فونٹ سائز بڑھا کر 14 کر دیا گیا ہے اور اس پر سو بے بھر میں عملدرآمد بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ میں ایف آئی آرز کا فونٹ بڑا کرنے سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے میاں جمیل احمد کی درخواست پر سماعت کی جبکہ ڈی آئی جی لیگل اویس احمد ملک سمیت دیگر پولیس افسران عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

بلال یاسین سیوریج لائنوں کی تنصیب کے بعد سڑکوں کی بحالی میں تاخیر پر برہم

سڑکوں کی بحالی کا کام تیز اور واضح ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے، بلال یاسین

لاہور (خصوصی رپورٹر) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین کی زیر صدارت واسا پنجاب کا ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا۔ ڈی جی واسا پنجاب طیب فرید اور 41 اضلاع کے ایم ڈیز نے ہاری ترقیاتی منصوبوں اور نکاسی آب کے انتظامات پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے سیوریج اور ڈرینج لائنوں کی تنصیب کے بعد سڑکوں کی بحالی میں تاخیر پر اظہار برہمی کرتے ہوئے ہدایت کی کہ جہاں ڈرینج لائنوں کی تنصیب مکمل ہو چکی ہے وہاں سڑکوں کی فوری بحالی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

PTI ملک کی خاطر حکومت اور ریاست کا ساتھ دے، سینئر رہنما کا پارٹی قیادت کو خط

ملک کو ممکنہ بیرونی خطرات اور دہشتگردی کا سامنا ہے، پارٹی مطالبات سے دستبردار ہوئے بغیر احتجاج مؤخر کرے، شوکت یوسفزئی

ملک کے دفاع کے لیے تحریک انصاف کو حکومت اور ریاست کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے، ملک کو ممکنہ بیرونی خطرات اور دہشت گردی کا سامنا ہے

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما نے پارٹی قیادت کو خط لکھ کر ملک کی خاطر حکومت اور ریاست کا ساتھ دینے کی بات کی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے سوہائی بیکڑی اطلاعات اور سابق وزیر شوکت یوسفزئی نے پارٹی قائدین کے نام خط میں موجودہ حالات کے پیش نظر لانگ مارچ فوری طور پر ملتوی کرنے اور ریاست سے ٹکراؤ کے بجائے مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ شوکت یوسفزئی نے خط میں کہا کہ ملک کے دفاع کے لیے تحریک انصاف کو حکومت اور ریاست کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ ملک کو ممکنہ بیرونی خطرات اور دہشت گردی کا سامنا ہے، اس لیے پارٹی اپنے مطالبات سے دستبردار ہوئے بغیر احتجاج مؤخر کرے۔ خط میں کہا گیا کہ وفاقی حکومت صوبے میں ایمرجنسی کے نفاذ کا جواز تلاش کر رہی ہے۔ افغانستان کی جانب سے ممکنہ حملے کو صوبے میں ایمرجنسی کے لیے جواز (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پاکستان تحریک انصاف کا 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کرنے کا فیصلہ برقرار

ارکان اسمبلی کی جانب سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز وزیر اعلیٰ نے مسترد کر دی

پشاور (خصوصی رپورٹر) پشاور میں 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف کا وزیر اعلیٰ ہاؤس میں پارلیمانی پارٹی کا مشاورتی اجلاس ہوا، اجلاس کی صدارت وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کی، جس میں ارکان صوبائی و قومی اسمبلی، وزراء، مشیر اور دیگر شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس آن لائن منعقد ہوا، بعض ارکان اسمبلی نے زوم کے ذریعے شرکت کی، جبکہ پارٹی عہدیدار بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس میں 4 اکتوبر کو لانگ مارچ شروع کرنے یا ملتوی کرنے پر مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ نے لانگ مارچ کی تیاریوں میں دلچسپی نہ لینے پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ ہماری صفوں میں میر جعفر اور میر صادق بھی ہیں۔ ہم اسلام آباد مارچ کرنے نہیں جا رہے کہ وفاقی حکومت ہمارا راستہ روک رہی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم دو ہاتھ اور دو پاؤں لے کر جائیں گے، (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہمشیرہ مرحومہ آپا نعمت خاتون مورخہ 8 ستمبر 2026 کو انتقال کر گئیں تھیں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کے لیے سیاسی و سماجی اور کاروباری شخصیات نے تعزیت کی حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور معروف ایڈووکیٹ سپریم کورٹ احسان اللہ ڈاہری کی ہمشیرہ محترمہ آپا نعمت خاتون ہانت لعل بخش ڈاہری 08 ستمبر 2026ء کو انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کے انتقال پر اہل خاندان، عزیز و اقارب اور متعلقین کی جانب سے گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب اور اہل خانہ سے سیاسی، سماجی، کاروباری اور مذہبی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ اس موقع پر ایم این اے نیلم کماری، محسن عباسی سابق حیسکو بی او ڈی ممبر، پرنسپل ڈاکٹر حمیدہ نازلیج ماڈل اسکول، انجمارج شعیب الدین موڑز اور بلدیہ کالونی کے وفد سمیت دیگر شخصیات نے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور سوگوار خاندان سے تعزیت کی اور دلی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)



منشیات کے استعمال سے ڈکیتیوں میں اضافہ ہو رہا ہے، رفیع احمد

منشیات کا خاتمہ کر کے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، صدر تنظیم فانوس

کراچی (خصوصی رپورٹر) تنظیم فانوس کے صدر رفیع احمد نے کہا ہے کہ منشیات کے مادی افراد نہ صرف شہریوں کے تعمیراتی سمن کو نقصان پہنچا رہے ہیں بلکہ چوری اور ڈکیتی سمیت دیگر جرائم میں بھی ملوث ہیں۔ خصوصی گفتگو میں انہوں نے کہا کہ بالخصوص کراچی میں پلوں کے نیچے سے منشیات کے مادی افراد سریا نکال کر انہیں کمزور کر رہے ہیں جو کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔ سرکاری عمارتوں کی موڑ دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث نشے کے مادی افراد ولو ہے کی جالیوں اور گریتی راڈز کی چوری کر کے نشہ پورا کر رہے ہیں۔ رفیع احمد نے کہا کہ منشیات کے مادی افراد اپنی جان کی پروا کیے بغیر بجلی کی حساس تاریں، کھڑکیوں کی پٹریاں اور موٹر سائیکلیں بھی چوری کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال کراچی میں ڈکیتی مزاحمت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے سید عظمت علی شاہ ملاقات کر رہے ہیں

یوسی 8 میں پانی و سیوریج مسائل پر کھلی کچہری 2 اکتوبر کو ہوگی

پانی کی قلت، کم پریشر، آلودہ پانی، اضافی بلنگ اور سیوریج سے متعلق شکایات سنی جائیں گی

کراچی (خصوصی رپورٹر) صوبائی محتسب سندھ کے زیر اہتمام یوسی 8 اور ملحقہ علاقوں کے پانی و سیوریج سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے کیلئے کھلی کچہری 2 اکتوبر کو منعقد ہوگی۔ کھلی کچہری کی صدارت رجسٹرار جنوبی کراچی سید مقصود حیدر کریں گے، جبکہ کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے متعلقہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پولیس افسران قانون کی بالادستی اور انصاف کو مقدم رکھیں، گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی

کراچی (خصوصی رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ زیر تربیت پولیس افسران ملک کا مستقبل ہیں، تعلیم یافتہ اور باصلاحیت نوجوان افسران امن، استحکام اور خوشحالی کے قیام میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ گورنر سندھ نے گورنر ہاؤس کراچی میں بلوچستان پولیس کے تیسرے مخلوطی تربیتی کورس کے مطالعاتی دورے پر آئے زیر تربیت ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس آف پولیس سے، کالمانی نشست میں کیا کہ پولیس کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

عمران خان کی تینوں بہنوں کی جیل میں بھوک ہڑتال، عدم فراہمی کا الزام

علیمہ خان کو اڈیالہ سے ملاقات، کپڑوں اور ادویات کی فراہمی کی اجازت نہیں دی جارہی

ہم صورتحال کو پرامن طریقے سے برداشت کر رہے ہیں مگر یہ قابل قبول نہیں، ایڈووکیٹ لیڈر معین قریشی

لاہور (خصوصی رپورٹر) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی تینوں بہنوں نے جیل میں مبینہ طور پر بنیادی حقوق کی عدم فراہمی کے خلاف بھوک ہڑتال شروع کر دی، ایڈووکیٹ لیڈر پنجاب اسمبلی معین قریشی نے کہا کہ علیمہ خان، نورین خانم اور کی خان کو اڈیالہ سے ملاقات، کپڑوں اور ادویات کی فراہمی کی اجازت نہیں دی جارہی۔ انہوں نے اڈیالہ جیل پر جاری اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ہم جماد اظہر کی امداد دہشت گردی عدالت لاہور میں پیشی کے موقع پر موجود تھے جہاں فلک جاوید بھی کوٹ لکھپت جیل سے آئی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ عمران خان کی تینوں بہنوں کو جیل میں بنیادی حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے، جس کے خلاف انہوں نے بطور احتجاج بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تینوں بہنوں سے ملاقات، کپڑوں اور ادویات کی فراہمی کی اجازت نہیں دی جارہی۔ انہوں نے اڈیالہ جیل پر جاری اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ہم جماد اظہر کی امداد دہشت گردی عدالت لاہور میں پیشی کے موقع پر موجود تھے جہاں فلک جاوید بھی کوٹ لکھپت جیل سے آئی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ عمران خان کی تینوں بہنوں کو جیل میں بنیادی حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے، جس کے خلاف انہوں نے بطور احتجاج بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تینوں بہنوں سے ملاقات، کپڑوں اور ادویات کی فراہمی کی اجازت نہیں دی جارہی۔ انہوں نے اڈیالہ جیل پر جاری اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ہم جماد اظہر کی امداد دہشت گردی عدالت لاہور

افغان سرزمین سے دہشتگردی کی ہر کوشش کا جواب دیا جائے گا، وزیر اطلاعات

افغانستان میں دہشتگردوں کے ٹھکانے ہیں، افغان حکومت کو دہشتگردی کے مائنڈ سیٹ سے نکلنا ہوگا

پاکستان پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے ، صرف امن ہی ترقی کا راستہ ہے، تاہم پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ نے کہا ہے کہ افغان سرزمین سے دہشتگردی کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ وفاقی دارالحکومت میں انٹرنیشنل پارلیمنٹیرینز کانگریس سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے، صرف امن ہی ترقی کا راستہ ہے، تاہم پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ پاکستان جیسا متعلقہ عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان کئی دہائیوں سے افغان شہریوں کی میزبانی کرتا رہا ہے۔ افغان عوام اور افغان حکومت کے نظریات میں فرق ہے، افغانستان کے عوام حق رکھتے ہیں کہ انہیں حقوق ملیں اور معاشی بہتری میسر آئے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ افغانستان میں دہشتگردوں کے ٹھکانے ہیں ، افغان حکومت کو دہشتگردی کے مائنڈ سیٹ سے نکلنا ہوگا۔ اگر دہشتگردی کے مائنڈ سیٹ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)



بیجنگ، پاکستانی سفارتخانے کے زیر اہتمام یوم دفاع و شہداء کی تقریب کا منظر

تمام صوبوں کو ریلوے وسائل تک مساوی رسائی اولین ترجیح ہے محمد حنیف عباسی

تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی

وفاقی وزیر ریلوے کا کاؤنٹی جناح پیسنجر ٹرین سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے یا علاقے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کا ادارہ ہے، تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی، جناح پیسنجر ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان اور وفاق کے درمیان رابطے کی جانب اہم قدم ہے، اس منصوبے کی تکمیل کا کریڈٹ وزیراعلیٰ بلوچستان اور وفاقی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر تعمیرات میر سلیم احمد کھوسو، صوبائی وزیر منصوبہ بند (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20) خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر 32 کلومیٹر فاصلے پر نئی جناح پیسنجر ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، رکن قومی اسمبلی و پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر تعمیرات میر سلیم احمد کھوسو، صوبائی وزیر منصوبہ بند (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لئے وزیراعظم نیشنل پروگرام کا آغاز، اسکریننگ کا ہدف مقرر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) حکومت نے 67 ارب روپے کی لاگت سے ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لیے وزیراعظم نیشنل پروگرام شروع کر دیا ہے، جس کے تحت ملک بھر میں بڑے پیمانے پر اسکریننگ، تشخیص اور مفت علاج کی سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ بیماری کی بروقت نشاندہی، جگر کے سنگین امراض سے بچاؤ اور عوام پر اس بیماری کے مالی و سماجی بوجھ میں کمی یقینی بنائی جا سکے۔ یہ پروگرام کو مرحلہ وار (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کوئٹہ طویل عرصے بعد انٹرنیٹ سروس جزوی بحال، شہریوں اور کاروباری طبقے کی مشکلات برقرار

انٹرنیٹ کی مسلسل بندش سے کاروباری سرگرمیاں متاثر، فری لانسنگ، ڈیجیٹل ادائیگیوں، بینکنگ اور دیگر انٹرنیٹ سے منسلک کاروباری امور متاثر رہے

انٹرنیٹ سروس کو بلاتعطل اور مکمل بحال کیا جائے تاکہ کاروباری سرگرمیاں معمول پر آسکیں اور مزید مالی نقصان سے بچا جاسکے، تاجروں کا مطالبہ

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) کوئٹہ: طویل عرصے بعد انٹرنیٹ سروس جزوی بحال، کاروباری طبقے نے سکھ کا سانس لے لیا کوئٹہ میں طویل عرصے بعد انٹرنیٹ سروس جزوی طور پر بحال کر دی گئی، تاہم مکمل بحالی نہ ہونے کے باعث شہریوں اور کاروباری طبقے کی مشکلات برقرار ہیں۔ انٹرنیٹ کی مسلسل بندش نے کاروباری سرگرمیوں کو شدید متاثر کیا، جس کے نتیجے میں آن لائن کاروبار، فری لانسنگ، ڈیجیٹل ادائیگیوں، بینکنگ اور دیگر انٹرنیٹ سے منسلک کاروباری امور متاثر رہے۔ انٹرنیٹ سروس معطل ہونے کے باعث متعدد کاروباری افراد کو گاہکوں سے رابطے، آن لائن آرڈرز کی تکمیل، ادائیگیوں اور کاروباری لین دین میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ روزانہ کی بنیاد پر ہونے والی آمدن میں بھی کمی واقع ہوئی۔ کاروباری طبقے کے مطابق طویل تعطل کے باعث اکیس مالی نقصان برداشت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



لاہور، صوبائی وزیر بلال یاسین واسا پنجاب کے جاری منصوبوں پر بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عالمی سطح پر تیل نرخ میں اضافہ، پاکستان میں مہنگائی بڑھنے کا خدشہ

17 جولائی تک پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر 22.7 ارب ڈالر رہے، سٹیٹ بینک کے پاس ذخائر 17.3 ارب ڈالر تک پہنچ گئے

ایف بی آر ٹیکس وصولیوں میں 10.8 فیصد اضافہ ہوا، مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 6.1 فیصد تک محدود رہا، وزارت خزانہ رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پاکستان میں مہنگائی کا دباؤ بڑھنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے، وزارت خزانہ نے جولائی 2026 میں مہنگائی 9 سے 10 فیصد رہنے کا امکان ظاہر کر دیا۔ وزارت خزانہ نے ملکی معیشت سے متعلق ماہانہ آؤٹ لک رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 26-2025 میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں 9.33 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، مالی سال 26-2025 میں ملکی برآمدات 6.4 فیصد کمی سے 8.30 ارب ڈالر رہی، کاموں کی ترسیلات زر 6.41 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جس کے باعث ترسیلات زر میں سالانہ بنیادوں پر 6.8 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق 17 جولائی تک پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر 22.7 ارب ڈالر رہے، سٹیٹ بینک کے پاس زرمبادلہ ذخائر 17.3 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، جو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

صوبائی وزیر منصوبہ اللہ بخت محمد کنٹوں میں چیک تقسیم کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner



اداریتی صفحہ

وزیراعظم کا یو این جنرل اسمبلی سے خطاب

پاکستان کے وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مشرق وسطیٰ، ایران امریکا جنگ، کشمیر، فلسطین اور دیگر عالمی ایشوز پر بڑی مدلل اور سیر حاصل گفتگو کی ہے، ایران امریکا جنگ کے تناظر میں وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسلام آباد مذاکرات پاکستان کی عملی امن کاوشوں کا منظر ہیں، پاکستان نے محاذ آرائی کے بجائے، مکالمے، جنگ کے بجائے امن کا راستہ اختیار کیا، انھوں نے واضح کیا کہ عالمی اعتماد کی بحالی اور پائیدار امن کے لیے مشرق وسطیٰ، کشمیر اور فلسطین سمیت تنازعات کا منصفانہ حل ضروری ہے، انھوں نے مطالبہ کیا کہ لبنان اور شام پر اسرائیلی جارحیت بند کی جائے، دہشت گردی اور اسلاموفوبیا کے خاتمے، معاشی ترقی، موسمیاتی انصاف اور اقوام متحدہ میں منصفانہ اصلاحات کے لیے عملی اقدامات ضروری ہیں، وزیر اعظم پاکستان نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ قرآن پاک کا پیغام امن ہمارے لیے مشعل راہ ہے، جرمن شریفین پر حملہ ریڈ لائن ہے۔ ادھر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے امریکی میڈیا کو انٹرویو میں کہا ہے کہ ایران امن کا خواہاں ہے اور جنگ جاری نہیں رکھنا چاہتا، اب جنگ کے خاتمے کا فیصلہ امریکا کو کرنا ہے۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ ادھر میڈیا نے یہ خبر بھی دی ہے کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے جنرل اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مشرق وسطیٰ، ایران امریکا جنگ، فلسطین اور دیگر عالمی ایشوز پر بڑی مدلل اور سیر حاصل گفتگو کی ہے، ایران امریکا جنگ کے تناظر میں وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسلام آباد مذاکرات پاکستان کی عملی امن کاوشوں کا منظر ہیں، پاکستان نے محاذ آرائی کے بجائے، مکالمے، جنگ کے بجائے امن کا راستہ اختیار کیا، انھوں نے واضح کیا کہ عالمی اعتماد کی بحالی اور پائیدار امن کے لیے مشرق وسطیٰ، کشمیر اور فلسطین سمیت تنازعات کا منصفانہ حل ضروری ہے، انھوں نے مطالبہ کیا کہ لبنان اور شام پر اسرائیلی جارحیت بند کی جائے، دہشت گردی اور اسلاموفوبیا کے خاتمے، معاشی ترقی، موسمیاتی انصاف اور اقوام متحدہ میں منصفانہ اصلاحات کے لیے عملی اقدامات ضروری ہیں، وزیر اعظم پاکستان نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ قرآن پاک کا پیغام امن ہمارے لیے مشعل راہ ہے، حرمین شریفین پر حملہ ریڈ لائن ہے۔ ادھر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ ادھر میڈیا نے یہ خبر بھی دی ہے کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے جنرل اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مشرق وسطیٰ، ایران امریکا جنگ، فلسطین اور دیگر عالمی ایشوز پر بڑی مدلل اور سیر حاصل گفتگو کی ہے، ایران امریکا جنگ کے تناظر میں وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسلام آباد مذاکرات پاکستان کی عملی امن کاوشوں کا منظر ہیں، پاکستان نے محاذ آرائی کے بجائے، مکالمے، جنگ کے بجائے امن کا راستہ اختیار کیا، انھوں نے واضح کیا کہ عالمی اعتماد کی بحالی اور پائیدار امن کے لیے مشرق وسطیٰ، کشمیر اور فلسطین سمیت تنازعات کا منصفانہ حل ضروری ہے، انھوں نے مطالبہ کیا کہ لبنان اور شام پر اسرائیلی جارحیت بند کی جائے، دہشت گردی اور اسلاموفوبیا کے خاتمے، معاشی ترقی، موسمیاتی انصاف اور اقوام متحدہ میں منصفانہ اصلاحات کے لیے عملی اقدامات ضروری ہیں، وزیر اعظم پاکستان نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ قرآن پاک کا پیغام امن ہمارے لیے مشعل راہ ہے، حرمین شریفین پر حملہ ریڈ لائن ہے۔

اعظم کا کہنا تھا کہ بھارت نے جھوٹا بہانہ بنا کر پاکستان پر حملہ کیا، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں بھارت کا مقابلہ کیا اور اسے وہ سبق سکھایا جو وہ کبھی نہیں بھولے گا، دو ایٹمی پڑوسی ملک کھلی جنگ کے دہانے پر تھے تاہم صدر ٹرمپ کی قیادت کے باعث جنوبی ایشیا کے لاکھوں عوام کی جانیں بچ گئیں، یقینی بنانا ہوگا کہ جنوبی ایشیا دوبارہ اس صورت حال پر نہ پہنچے۔ اس کے لیے یہ یقینی بنانا ہوگا کہ مسئلہ کشمیر حل ہو، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ہمیشہ رہے گا، کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے، کشمیری عوام آفت دہائیوں سے اقوام متحدہ کی نگرانی میں آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے وعدے کی تکمیل کے منتظر ہیں۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ بھارت نے سندھ طاس معاہدہ یک طرفہ طور پر معطل کیا، اس کی کوئی حیثیت نہیں، پانی کو ہتھیار نہیں بنایا جانا چاہیے۔ پاکستان کا پانی روکنے یا موڑنے کی کوشش جنگی اقدام تصور ہوگا، اقوام متحدہ کے ماہرین اور عالمی عدالت کے مؤقف نے پاکستان کی اس بات کی تائید کی ہے کہ معاہدہ بدستور مؤثر اور فریقین کے لیے پابند ہے۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ فلسطینی عوام نسلوں سے آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں، اسرائیلی نسل کشی کا منفرد کنارے تک پھیلتا انتہائی تشویشناک ہے، فلسطینیوں کی زبردستی بے دخلی اسرائیل کے نسل کشی کے ایجنڈے کو ظاہر کرتی ہے۔ آزاد فلسطینی ریاست کا قیام لبنان اور شام کے خلاف جاری اسرائیلی جارحیت کی بھی مذمت کرتے ہیں، وزیر اعظم نے کہا کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے افغانستان میں موجود پناہ گاہوں سے پاکستان کے خلاف کارروائیاں کر رہی ہیں۔ انھوں نے افغان حکام سے اپنی بین الاقوامی ذمے داریاں پوری کرنے، فیصلہ کن اقدامات کا مطالبہ کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس کی سائیڈ لائن پر سیکریٹری جنرل UNO انتونیو گوتریس سے ملاقات کی، دونوں رہنماؤں نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال سمیت اہم عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا، وزیر اعظم نے آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے پاکستان کی حمایت کا عزم دہرایا، اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان، بالخصوص پاکستان کے قرآن پر حملہ سمیت میں اس کے واقعات سے آگاہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی میں تشویش ناک اضافے پر بھی تبادلہ خیال کیا، انتونیو گوتریس نے تنازعات کے پرامن حل اور غلط میں پائیدار امن و استحکام کے لیے پاکستان کی سفارتی و مثالی کوششوں کو سراہتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی خدمات، قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ یو این سیکریٹری جنرل 16 اکتوبر کو پاکستان آئیں گے، پاکستان قیام امن کے لیے ماضی کی طرح خدمات انجام دینے کے لیے تیار ہے۔ وزیر اعظم سے لبنانی وزیر اعظم نواف سلام اور امریکی پاکستان بزنس کونسل اور بزنس کونسل آف انٹرنیشنل انڈر سٹینڈنگ کے مشترکہ وفد سے ملاقات بھی کی ہے۔ حوثی حملوں کے حوالے سے سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے سپہ سالاروں کا ہنگامی اجلاس ریاض میں ہوا۔ غلط کے حالات کے تناظر میں یہ اجلاس بھی دوررس اثرات کا حامل ہوگا۔ اجلاس میں پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز و آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، سعودی چیف آف جنرل اسٹاف جنرل فیاض بن حامد الرویلی اور ترکیہ کے چیف آف جنرل اسٹاف جنرل سلجوق بایراختار اوغلو شریک ہوئے۔ شرکاء نے مکہ مکرمہ، سعودی شہریوں اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے اپنے بھرپور عزم کا اظہار کیا۔ نیویارک میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے وزرائے خارجہ نے مکہ مکرمہ سمیت سعودی شہروں پر حوثی ملیشیا کے حملوں کی شدید مذمت کی۔ ان کزنوں کو ملا جائے تو مشرق وسطیٰ کی صورت حال میں مستقبل کا منظر نامہ دیکھا جاسکتا ہے۔ ادھر امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چینی ہم منصب سے ملاقات کے دوران ایران کو چینی مدد پر سخت تحفظات کا اظہار کیا۔ چین کے صدر شی جن پنگ نے کہا کہ چین کو امید ہے کہ امریکا تائیوان کے حوالے سے اپنا 'درست مؤقف' برقرار رکھے گا۔ عالمی سطح پر ہونے والی ان سرگرمیوں سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ آنے والے دنوں میں ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بند ہو جائے گی اب کوشش کی جائے گی کہ حوثیوں کا تنازع بھی کسی حل کی طرف جاتا نظر آرہا ہے۔ آبنائے ہرمز اور باب المندب کے حوالے سے جو خطرات اور خدشات ظاہر کیے جارہے ہیں، وہ بھی دور ہو جائیں گے۔

مصنوعی ذہانت: سہولت سے خطرے تک کا سفر



پکار

ایم فاروق انجم بُھٹہ

mfarooqanjumbhutta@gmail.com

مصنوعی ذہانت، جسے عام طور پر آرٹیفیشل انٹیلی جنس یا AI کہا جاتا ہے، بلاشبہ موجودہ دور کی سب سے بڑی ٹیکنالوجی تبدیلیوں میں سے ایک ہے۔ چند سال پہلے تک جو کام گھنٹوں، دنوں یا ہفتوں میں مکمل ہوتے تھے، آج وہ چند سیکنڈ زمیں کیے جاسکتے ہیں۔ تعلیم، طب، تجارت، صنعت، صحافت، تحقیق اور روزمرہ زندگی میں مصنوعی ذہانت نے انسان کے لیے بے شمار آسانیاں پیدا کی ہیں۔ لیکن ہر طاقتور ٹیکنالوجی کی طرح اس کے استعمال کے ساتھ خطرات بھی وابستہ ہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا انسان مصنوعی ذہانت کو اپنے فائدے کے لیے استعمال کرے گا یا کہیں ایسا نہ ہو کہ مصنوعی ذہانت کے غلط استعمال سے انسان ہی اس کا نقصان اٹھانے لگے؟ آج دنیا بھر میں مصنوعی ذہانت کے غلط استعمال کے واقعات تشویش کا باعث بن رہے ہیں۔ حال ہی میں پاکستان میں بہاولپور سے ایک ایسا واقعہ سامنے آیا جس نے اس بحث کو مزید سنگین بنا دیا۔ ڈان کی رپورٹ کے مطابق یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بہاولپور کیمپس کے سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے ایک 17 سالہ نوجوان کو مبینہ طور پر اپنے والد کو زہر دینے کی کوشش کے الزام میں گرفتار کیا۔ تفتیش کے مطابق نوجوان نے مبینہ طور پر زہر کے استعمال سے متعلق مزید رہنمائی مصنوعی ذہانت سے حاصل کرنے کی کوشش کی تھی۔ معاملہ ابھی تفتیش کے مراحل میں ہے، اس لیے حتمی ذمہ داری کا فیصلہ عدالت اور شواہد کی بنیاد پر ہی ہوگا، مگر یہ واقعہ اس خطرے کی نشاندہی ضرور کرتا ہے کہ اگر طاقتور معلومات تک رسائی کے لیے ٹیکنالوجی کا غلط استعمال کیا جائے تو نتائج انتہائی سنگین ہو سکتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت کے ذریعے مالی فراڈ بھی ایک نیا اور سنجیدہ خطرہ بن چکا ہے۔ آج کسی شخص کی آواز کا مختصر نمونے کے کر اس جیسی آواز تیار کی جاسکتی ہے، جبکہ ویڈیو اور چہرے کی نقل بھی پہلے کی نسبت کہیں زیادہ حقیقت کے قریب بنائی جاسکتی ہے۔ اپریل تا 2026 کی اپنی مالی جرائم سے متعلق رپورٹ میں AI-enhanced fraud اور AI-generated مواد کے ذریعے فراڈ اور sextortion کے بڑھتے ہوئے استعمال کی نشاندہی کی ہے۔ سوچیے، کبھی شہری کو فون آئے اور دوسری طرف اس کے بیٹے، بھائی یا کسی قریبی دوست کی بالکل اصلی معلوم ہونے والی آواز ہو، جو فوری طور پر رقم بھیجنے کا مطالبہ کرے۔ عام آدمی چند لمحوں میں فیصلہ کرسکتا ہے اور اپنی زندگی بھر کی جمع پونجی گنوا سکتا ہے۔ اسی طرح جعلی ویڈیو کال، جعلی دستاویزات، جعلی تصاویر اور جعلی آوازیں شناخت کے پورے نظام کے لیے چیلنج بنتی جارہی ہیں۔ مستند سرف بینک اکاؤنٹ سے رقم نکلوانے تک محدود نہیں۔ مصنوعی ذہانت نے جھوٹی شہادت، بلیک میلنگ اور جنسی نوعیت کے جعلی مواد کی تیاری کو بھی آسان بنا دیا ہے۔ بین الاقوامی AI Safety Report 2026 کے مطابق AI کے تیار کردہ جعلی مواد کو فراڈ، بلیک میلنگ، شناخت چوری، بدنامی اور غیر رضامندانہ جنسی تصاویر اور ویڈیوز کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔ رپورٹ یہ بھی واضح کرتی ہے کہ اس طرح کے سنگین نقصانات کے واقعات سامنے آچکے ہیں، اگرچہ ان کی مجموعی تعداد اور شدت کا مکمل اندازہ لگانے کے لیے ابھی جامع اعداد و شمار محدود ہیں۔ یہ مسئلہ خواتین اور کم عمر افراد کے لیے خاص طور پر خطرناک شکل اختیار کرسکتا ہے۔ کبھی عام لڑکی یا خاتون کی تصویر کے ساتھ ایک ایسی جعلی تصویر یا ویڈیو میں تبدیل کر دینا جس میں وہ حقیقتاً کبھی موجود ہی نہ رہی ہو، صرف اخلاقی جرم ہے بلکہ کسی انسان کی عزت، خاندان، روزگار اور ذہنی سکون کو تباہ کرسکتا ہے۔ مئی 2026 میں امریکی محکمہ انصاف نے ایسے دو افراد کے خلاف کارروائی کا اعلان کیا جن پر الزام تھا کہ انہوں نے AI سے تیار کردہ غیر رضامندانہ جنسی تصاویر اور ویڈیوز بڑی تعداد میں شائع کیں۔ پاکستان سمیت دنیا کے کئی معاشروں میں عزت اور سماجی ساکھ کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ ایسے ماحول میں جعلی تصویر یا ویڈیو محض ایک ڈیجیٹل فائل نہیں رہتی بلکہ کسی خاندان کے لیے شدید سماجی بحران بن سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مصنوعی ذہانت کے ذریعے تیار کردہ جعلی مواد کے خلاف قانون، ٹیکنالوجی اور معاشرتی شعور تینوں سطحوں پر موثر اقدامات ضروری ہیں۔ اس خطرے کی ایک اور اتھوسناک شکل ٹوکسک اور ذہنی دباؤ سے متعلق سامنے آرہی ہے۔ بعض ممالک میں ایسے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں جہاں افراد کو AI-generated مواد کے ذریعے ہراساں یا بلیک میل کیا گیا اور اس کے بعد انہوں نے انتہائی قدم اٹھایا۔ مثال کے طور پر جولائی 2026 میں بھارت میں ایک 20 سالہ خاتون کی خودکشی کا واقعہ رپورٹ ہوا، جس کے بارے میں اس کے شوہر نے الزام لگایا کہ اسے AI-generated ویڈیوز اور جعلی شناخت چوری، بدنامی اور غیر رضامندانہ جنسی تصاویر اور تصاویر کے ذریعے بلیک میل کیا جارہا تھا۔ پولیس نے موبائل فون سے ویڈیوز حاصل کرکے معاملے کی تحقیقات شروع کیں۔ یہاں ایک اہم بات سمجھنا ضروری ہے کہ خودکشی جیسے واقعات کے اسباب عموماً پیچیدہ ہوتے ہیں۔ کسی ایک ٹیکنالوجی کو ہر ایسے واقعے کا واحد سبب قرار دینا درست نہیں ہوگا۔ تاہم اگر کوئی ٹیکنالوجی بلیک میلنگ، ہراسانی یا خطرناک نفسیاتی دباؤ کو بڑھانے کا ذریعہ بن رہی ہو تو معاشرے کو اس خطرے کو نظر انداز بھی نہیں کرنا چاہیے۔ ستمبر 2026 میں بچوں کی آن لائن حفاظت سے متعلق ایک ماہر نے بھی AI کے حوالے سے خودکشی، نفسیاتی نقصان اور تحقیری سوچ میں کمی جیسے مدنظر ثبات کا اظہار کیا۔ مصنوعی ذہانت کا ایک بڑا سوال روزگار سے متعلق بھی ہے۔ کیا آنے والے برسوں میں کئی انسانوں کی جگہ لے لیں گی؟ اس سوال کا جواب ابھی مکمل طور پر واضح نہیں، لیکن ملازمتوں پر ٹیکنالوجی کے اثرات حقیقی ہیں۔ ورلڈ اکنامک فورم کی Future of Jobs Report 2025 کے مطابق 2030 تک مختلف معاشی اور تکنیکی تبدیلیوں کے نتیجے میں تقریباً 92 ملین موجودہ ملازمتیں ختم ہونے کا اندازہ لگایا گیا، جبکہ 170 ملین نئی ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع بھی ظاہر کی گئی۔ یعنی تصویر صرف ملازمتیں ختم ہونے کی نہیں بلکہ ملازمتوں کی نوعیت بدلنے کی بھی ہے۔ اسی طرح انٹیلی جنس کی اکانومی لیب کی اکست 2026 کی تحقیق نے امریکہ میں وسیع پیمانے پر معیشت بھر میں ملازمتوں کے خاتمے کا ثبوت نہیں پایا، تاہم AI سے زیادہ متاثر ہونے والے شعبوں میں 22 سے 25 سال کی عمر کے نوجوان کارکنوں کی ملازمت میں ایک نمایاں فرق رپورٹ کیا گیا۔ لہٰذا یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ مصنوعی ذہانت بہت جلد ہر ادارہ، ڈاکٹر، انجینئر، صحافی یا دوسرے ماہر کی جگہ لے لے گی۔ لیکن یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ AI بہت سے کاموں کے کام کرنے کے طریقے کو تبدیل کرے گی۔ خطرہ وہاں زیادہ ہے جہاں انسان نئی مہارتیں حاصل نہیں کرتے اور ادارے ٹیکنالوجی کے فوائد کو کارکنوں کی تربیت کے بجائے صرف افراد کی قوت کم کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اصل مسئلہ مصنوعی ذہانت نہیں بلکہ اس کا استعمال، نگرانی اور مقصد ہے۔ اگر مصنوعی ذہانت ڈاکٹر کی مدد کرے تو مریض کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ اگر استاد کو بہتر تعلیمی مواد تیار کرنے میں مدد دے تو طالب علم کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ اگر کاروباری شخص کو مارکیٹ سمجھنے میں مدد دے تو معیشت کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ لیکن اگر یہی ٹیکنالوجی جعلی شناخت، فراڈ، بلیک میلنگ، خطرناک معلومات، نفرت انگیز مواد اور لوگوں کی تذلیل کے لیے استعمال ہو تو یہی سہولت ایک خطرہ بن جاتی ہے۔ آج سب سے زیادہ ضرورت AI کے خلاف جذباتی مہم چلانے کی نہیں بلکہ AI کے ذمہ دارانہ استعمال کی ہے۔ حکومتوں کو واضح قوانین بنانے ہوں گے، اداروں کو حفاظتی نظام مضبوط کرنا ہوگا، شہریوں کو جعلی آواز اور شناخت پر مبنی فراڈ کی روک تھام کے لیے نئے طریقے اپنانے ہوں گے، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو غیر رضامندانہ جعلی مواد کے خلاف فوری کارروائی کرنا ہوگی اور عوام کو یہ سکھانا ہوگا کہ ہر تصویر، ہر ویڈیو اور ہر آواز کو حقیقت نہ سمجھیں۔ ہمیں اپنے بچوں کو بھی یہ سمجھانا ہوگا کہ مصنوعی ذہانت ایک آلہ ہے، کوئی حتمی سچ نہیں۔ AI سے حاصل ہونے والی معلومات کی تصدیق ضروری ہے، خصوصاً جب معاملہ صحت، قانون، پیسے، خطرناک کیمیکلز یا کسی انسان کی عزت و زندگی سے متعلق ہو۔

آزاد کشمیر میں علاقائی ہم آہنگی: اعلیٰ ترین سطح پر تینوں ڈویژنز کی نمائندگی



میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi1@gmail.com

آزاد جموں و کشمیر کے تین اعلیٰ ترین آئینی عہدے اس کے تین اضلاع (ڈویژنوں) کے نمائندوں کے پاس ہیں: پونچھ کے ڈاکٹر محمد نجیب نقی صدر، مظفر آباد کے بیرسٹر سید افتخار علی گیلانی وزیر اعظم اور میرپور کے چودھری طارق فاروق پبلک بیٹھے ہیں۔ صدر منتخب ہونے والے نجیب اکبر کے 13 ووٹوں کے مقابلے میں 32 ووٹ حاصل کر کے 25 ویں صدر بنے، جس سے روایت برقرار رہی کہ ہر سرسید افتخار علی گیلانی وزیر اعظم اور میرپور کے چودھری طارق فاروق پبلک بیٹھے ہیں۔ صدر منتخب ہونے والے نجیب اکبر کے 13 ووٹوں کے مقابلے میں 32 ووٹ حاصل کر کے 25 ویں صدر بنے، جس سے روایت برقرار رہی کہ ہر سرسید سلطان محمود کی وفات کے بعد سے خالی عہدہ پر ہو گیا۔ تین دہائیوں سے زائد کا سیاسی تجربہ رکھنے والے نجیب نقی اس سے قبل 2006 سے 2011 اور 2016 سے 2021 تک وزیر صحت رہ چکے ہیں اور انہوں نے تعلیم، آئی ٹی، مالیات اور منصوبہ بندی و ترقی کے قلمدان بھی سنبھالے۔ ان کا انتخاب خاص طور پر اس لیے اہم تھا کیونکہ سکہ رائی حیثیت کی وجہ سے پونچھ کو مزید نشستیں پر ووٹنگ نہیں ہو سکی تھی۔ 53 نشستوں پر مشتمل اسمبلی نے ایک 17 سالہ نوجوان کو مبینہ طور پر اپنے والد کو زہر دینے کی کوشش کے الزام میں گرفتار کیا۔ تفتیش کے مطابق نوجوان نے مبینہ طور پر زہر کے استعمال سے متعلق مزید رہنمائی مصنوعی ذہانت سے حاصل کرنے کی کوشش کی تھی۔ معاملہ ابھی تفتیش کے مراحل میں ہے، اس لیے حتمی ذمہ داری کا فیصلہ عدالت اور شواہد کی بنیاد پر ہی ہوگا، مگر یہ واقعہ اس خطرے کی نشاندہی ضرور کرتا ہے کہ اگر طاقتور معلومات تک رسائی کے لیے ٹیکنالوجی کا غلط استعمال کیا جائے تو نتائج انتہائی سنگین ہو سکتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت کے ذریعے مالی فراڈ بھی ایک نیا اور سنجیدہ خطرہ بن چکا ہے۔ آج کسی شخص کی آواز کا مختصر نمونے کے کر اس جیسی آواز تیار کی جاسکتی ہے، جبکہ ویڈیو اور چہرے کی نقل بھی پہلے کی نسبت کہیں زیادہ حقیقت کے قریب بنائی جاسکتی ہے۔ اپریل تا 2026 کی اپنی مالی جرائم سے متعلق رپورٹ میں AI-enhanced fraud اور AI-generated مواد کے ذریعے فراڈ اور sextortion کے بڑھتے ہوئے استعمال کی نشاندہی کی ہے۔ سوچیے، کبھی شہری کو فون آئے اور دوسری طرف اس کے بیٹے، بھائی یا کسی قریبی دوست کی بالکل اصلی معلوم ہونے والی آواز ہو، جو فوری طور پر رقم بھیجنے کا مطالبہ کرے۔ عام آدمی چند لمحوں میں فیصلہ کرسکتا ہے اور اپنی زندگی بھر کی جمع پونجی گنوا سکتا ہے۔ اسی طرح جعلی ویڈیو کال، جعلی دستاویزات، جعلی تصاویر اور جعلی آوازیں شناخت کے پورے نظام کے لیے چیلنج بنتی جارہی ہیں۔ مستند سرف بینک اکاؤنٹ سے رقم نکلوانے تک محدود نہیں۔ مصنوعی ذہانت نے جھوٹی شہادت، بلیک میلنگ اور جنسی نوعیت کے جعلی مواد کی تیاری کو بھی آسان بنا دیا ہے۔ بین الاقوامی AI Safety Report 2026 کے مطابق AI کے تیار کردہ جعلی مواد کو فراڈ، بلیک میلنگ، شناخت چوری، بدنامی اور غیر رضامندانہ جنسی تصاویر اور ویڈیوز کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔ رپورٹ یہ بھی واضح کرتی ہے کہ اس طرح کے سنگین نقصانات کے واقعات سامنے آچکے ہیں، اگرچہ ان کی مجموعی تعداد اور شدت کا مکمل اندازہ لگانے کے لیے ابھی جامع اعداد و شمار محدود ہیں۔ یہ مسئلہ خواتین اور کم عمر افراد کے لیے خاص طور پر خطرناک شکل اختیار کرسکتا ہے۔ کبھی عام لڑکی یا خاتون کی تصویر کے ساتھ ایک ایسی جعلی تصویر یا ویڈیو میں تبدیل کر دینا جس میں وہ حقیقتاً کبھی موجود ہی نہ رہی ہو، صرف اخلاقی جرم ہے بلکہ کسی انسان کی عزت، خاندان، روزگار اور ذہنی سکون کو تباہ کرسکتا ہے۔ مئی 2026 میں امریکی محکمہ انصاف نے ایسے دو افراد کے خلاف کارروائی کا اعلان کیا جن پر الزام تھا کہ انہوں نے AI سے تیار کردہ غیر رضامندانہ جنسی تصاویر اور ویڈیوز بڑی تعداد میں شائع کیں۔ پاکستان سمیت دنیا کے کئی معاشروں میں عزت اور سماجی ساکھ کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ ایسے ماحول میں جعلی تصویر یا ویڈیو محض ایک ڈیجیٹل فائل نہیں رہتی بلکہ کسی خاندان کے لیے شدید سماجی بحران بن سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مصنوعی ذہانت کے ذریعے تیار کردہ جعلی مواد کے خلاف قانون، ٹیکنالوجی اور معاشرتی شعور تینوں سطحوں پر موثر اقدامات ضروری ہیں۔ اس خطرے کی ایک اور اتھوسناک شکل ٹوکسک اور ذہنی دباؤ سے متعلق سامنے آرہی ہے۔ بعض ممالک میں ایسے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں جہاں افراد کو AI-generated مواد کے ذریعے ہراساں یا بلیک میل کیا جارہا تھا۔ پولیس نے موبائل فون سے ویڈیوز حاصل کرکے معاملے کی تحقیقات شروع کیں۔ یہاں ایک اہم بات سمجھنا ضروری ہے کہ خودکشی جیسے واقعات کے اسباب عموماً پیچیدہ ہوتے ہیں۔ کسی ایک ٹیکنالوجی کو ہر ایسے واقعے کا واحد سبب قرار دینا درست نہیں ہوگا۔ تاہم اگر کوئی ٹیکنالوجی بلیک میلنگ، ہراسانی یا خطرناک نفسیاتی دباؤ کو بڑھانے کا ذریعہ بن رہی ہو تو معاشرے کو اس خطرے کو نظر انداز بھی نہیں کرنا چاہیے۔ ستمبر 2026 میں بچوں کی آن لائن حفاظت سے متعلق ایک ماہر نے بھی AI کے حوالے سے خودکشی، نفسیاتی نقصان اور تحقیری سوچ میں کمی جیسے مدنظر ثبات کا اظہار کیا۔ مصنوعی ذہانت کا ایک بڑا سوال روزگار سے متعلق بھی ہے۔ کیا آنے والے برسوں میں کئی انسانوں کی جگہ لے لیں گی؟ اس سوال کا جواب ابھی مکمل طور پر واضح نہیں، لیکن ملازمتوں پر ٹیکنالوجی کے اثرات حقیقی ہیں۔ ورلڈ اکنامک فورم کی Future of Jobs Report 2025 کے مطابق 2030 تک مختلف معاشی اور تکنیکی تبدیلیوں کے نتیجے میں تقریباً 92 ملین موجودہ ملازمتیں ختم ہونے کا اندازہ لگایا گیا، جبکہ 170 ملین نئی ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع بھی ظاہر کی گئی۔ یعنی تصویر صرف ملازمتیں ختم ہونے کی نہیں بلکہ ملازمتوں کی نوعیت بدلنے کی بھی ہے۔ اسی طرح انٹیلی جنس کی اکانومی لیب کی اکست 2026 کی تحقیق نے امریکہ میں وسیع پیمانے پر معیشت بھر میں ملازمتوں کے خاتمے کا ثبوت نہیں پایا، تاہم AI سے زیادہ متاثر ہونے والے شعبوں میں 22 سے 25 سال کی عمر کے نوجوان کارکنوں کی ملازمت میں ایک نمایاں فرق رپورٹ کیا گیا۔ لہٰذا یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ مصنوعی ذہانت بہت جلد ہر ادارہ، ڈاکٹر، انجینئر، صحافی یا دوسرے ماہر کی جگہ لے لے گی۔ لیکن یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ AI بہت سے کاموں کے کام کرنے کے طریقے کو تبدیل کرے گی۔ خطرہ وہاں زیادہ ہے جہاں انسان نئی مہارتیں حاصل نہیں کرتے اور ادارے ٹیکنالوجی کے فوائد کو کارکنوں کی تربیت کے بجائے صرف افراد کی قوت کم کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اصل مسئلہ مصنوعی ذہانت نہیں بلکہ اس کا استعمال، نگرانی اور مقصد ہے۔ اگر مصنوعی ذہانت ڈاکٹر کی مدد کرے تو مریض کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ اگر استاد کو بہتر تعلیمی مواد تیار کرنے میں مدد دے تو طالب علم کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ اگر کاروباری شخص کو مارکیٹ سمجھنے میں مدد دے تو معیشت کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ لیکن اگر یہی ٹیکنالوجی جعلی شناخت، فراڈ، بلیک میلنگ، خطرناک معلومات، نفرت انگیز مواد اور لوگوں کی تذلیل کے لیے استعمال ہو تو یہی سہولت ایک خطرہ بن جاتی ہے۔ آج سب سے زیادہ ضرورت AI کے خلاف جذباتی مہم چلانے کی نہیں بلکہ AI کے ذمہ دارانہ استعمال کی ہے۔ حکومتوں کو واضح قوانین بنانے ہوں گے، اداروں کو حفاظتی نظام مضبوط کرنا ہوگا، شہریوں کو جعلی آواز اور شناخت پر مبنی فراڈ کی روک تھام کے لیے نئے طریقے اپنانے ہوں گے، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو غیر رضامندانہ جعلی مواد کے خلاف فوری کارروائی کرنا ہوگی اور عوام کو یہ سکھانا ہوگا کہ ہر تصویر، ہر ویڈیو اور ہر آواز کو حقیقت نہ سمجھیں۔ ہمیں اپنے بچوں کو بھی یہ سمجھانا ہوگا کہ مصنوعی ذہانت ایک آلہ ہے، کوئی حتمی سچ نہیں۔ AI سے حاصل ہونے والی معلومات کی تصدیق ضروری ہے، خصوصاً جب معاملہ صحت، قانون، پیسے، خطرناک کیمیکلز یا کسی انسان کی عزت و زندگی سے متعلق ہو۔

آزاد کشمیر میں علاقائی ہم آہنگی: اعلیٰ ترین سطح پر تینوں ڈویژنز کی نمائندگی

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi1@gmail.com

آزاد جموں و کشمیر کے تین اعلیٰ ترین آئینی عہدے اس کے تین اضلاع (ڈویژنوں) کے نمائندوں کے پاس ہیں: پونچھ کے ڈاکٹر محمد نجیب نقی صدر، مظفر آباد کے بیرسٹر سید افتخار علی گیلانی وزیر اعظم اور میرپور کے چودھری طارق فاروق پبلک بیٹھے ہیں۔ صدر منتخب ہونے والے نجیب اکبر کے 13 ووٹوں کے مقابلے میں 32 ووٹ حاصل کر کے 25 ویں صدر بنے، جس سے روایت برقرار رہی کہ ہر سرسید سلطان محمود کی وفات کے بعد سے خالی عہدہ پر ہو گیا۔ تین دہائیوں سے زائد کا سیاسی تجربہ رکھنے والے نجیب نقی اس سے قبل 2006 سے 2011 اور 2016 سے 2021 تک وزیر صحت رہ چکے ہیں اور انہوں نے تعلیم، آئی ٹی، مالیات اور منصوبہ بندی و ترقی کے قلمدان بھی سنبھالے۔ ان کا انتخاب خاص طور پر اس لیے اہم تھا کیونکہ سکہ رائی حیثیت کی وجہ سے پونچھ کو مزید نشستیں پر ووٹنگ نہیں ہو سکی تھی۔ 53 نشستوں پر مشتمل اسمبلی نے ایک 17 سالہ نوجوان کو مبینہ طور پر

بقیہ 1

کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے فوری اور موثر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔

بقیہ 2

گی کو مزید وسعت دینے کی دعوت دی۔ وفد نے پاکستان کے خودمختار قرضہ جات کی کیپٹل مارکیٹس اور کارپوریٹ بینکنگ کے شعبوں میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ سٹی کے چیف کلائنٹ آفیسر ڈیوڈ لیونگ اسٹون کی قیادت میں اعلیٰ حکام سے ملاقات میں وزیراعظم نے پاکستان میں بینک کی طویل عرصے سے موجودگی کو سراہا اور کارپوریٹ و ادارہ جاتی بینکنگ کی خدمات کو مزید وسعت دینے کی حوصلہ افزائی کی۔ بلیک راک کے ایمرجنگ مارکیٹس اینڈ فرنٹیئرز کے شریک سربراہان گورڈن فریز اور سیم وینچ جبکہ پورٹ فولیو منیجر و ریسرچ اینالسٹ ایملی فلیچر پر مشتمل وفد سے ملاقات میں وزیراعظم نے فرنٹیئر مارکیٹس حکمت عملی کے تحت پاکستانی ایکویٹیز اور فکسڈ انکم میں سرمایہ کاری بڑھانے کی دعوت دی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لئے پرکشش مواقع سے مستفید ہونے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوا ہوتا تو ہم بھی دیگر ابھرتی ہوئی معیشتوں کی طرح تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکے ہوتے، ہم اس چیلنج سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی اور قیام امن کے لیے بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وہ منگل کو لندن سٹاک ایکسچینج کی مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کے دوران خطاب کر رہے تھے۔ شہباز شریف پاکستان کے پہلے وزیراعظم ہیں جن کو لندن سٹاک ایکسچینج ٹریڈنگ اوپننگ کا اعزاز حاصل ہوا۔ لندن سٹاک ایکسچینج آمد پر لندن سٹاک ایکسچینج گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈیوڈ شوئمر اور سینئر حکام نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ اس موقع پر پاکستان کے 3 ارب ڈالر کے DualTranche یورو بانڈ لسٹنگ کی بھی تقریب رونمائی منعقد ہوئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ لندن سٹاک ایکسچینج کی اس تقریب کا افتتاح کرنا میرے لیے باعث مسرت اور اعزاز ہے، یہ تقریب یقیناً پاکستان کی معیشت کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگی، میں یہ بات اعتماد سے کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے اپنے معاشی اشاریوں کو نمایاں طور پر بہتر کیا ہے جو مستقبل کے لیے نہایت حوصلہ افزا اور امید افزا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کی جانب سے تین ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈز اور خودمختار قرضوں کے انتظام کی کامیابی اس امر کی واضح مثال ہے، یہ ہماری بھرپور محنت، گہری اور بنیادی نوعیت کی ساختی اصلاحات، معیشت کو ڈیجیٹل بنانے اور معیشت کو دوبارہ درست سمت میں گامزن کرنے کے لیے کئے گئے تمام ضروری اقدامات کا عملی ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوا ہوتا تو ہم بھی دیگر ابھرتی ہوئی معیشتوں کی طرح تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکے ہوتے، ہم اس چیلنج سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی اور قیام امن کے لیے بھی اپنا اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ہم اسی سمت میں اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، یہاں تک کہ ہم ایک محفوظ اور مستحکم مقام تک پہنچ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک بار پھر وزیر خزانہ، دیگر متعلقہ اقتصادی وزرا، سیکرٹریز اور حکومتی افسران کی کاوشوں کو سراہتا ہوں جنہوں نے ہماری معیشت کی تعمیر اور بہتری کے لیے قابل ذکر کام کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ خلیجی بحران کے تناظر میں ہم نے اسباق سیکھیں، سرمایہ کار اب محفوظ ترین منڈیوں کا جائزہ اور تجزیہ کر رہے ہیں اور پاکستان ایک ایسی منڈی ہے جہاں ہم غیر ملکی سرمایہ کاری کو باآسانی راغب کر سکتے ہیں۔ یہ سرمایہ کاری انتہائی منافع بخش، باہمی طور پر فائدہ مند، محفوظ اور مستحکم ہو سکتی ہے۔ اس سلسلے میں ہمارے وزیر خزانہ اور دیگر اہم ارکان اقتصادی ٹیم کے ساتھ قریبی رابطے میں رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم یقینی طور پر آپ کی رہنمائی اور مشورہ حاصل کرنا چاہیں گے کہ بین الاقوامی مالیاتی منڈیوں کو پاکستان میں مزید فعال کردار ادا کرنے کے لیے کس طرح راغب کیا جا سکتا ہے۔ یہ کردار صرف خودمختار قرضوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ سرمایہ کاری کے میدان میں بھی ہونا چاہیے، پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع انتہائی پرکشش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نجکاری کے مشیر نے پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) اور فرسٹ ویمن بینک کی نجکاری کے عمل میں کامیابی حاصل کی ہے، اب ہم کئی دیگر سرکاری اداروں کو بھی نجی شعبے کے حوالے کرنے کی سمت آگے بڑھ رہے ہیں، کیونکہ ان اداروں کو نجی شعبے ہی کے ذریعے چلایا جانا چاہیے، یہ ایک ایسا شعبہ ہے جہاں ہم آپ کے ساتھ انتہائی قریبی تعاون کر سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مجھے یہ جان کر بھی بہت خوشی ہوئی کہ آپ پاکستان کیلئے اجنبی نہیں ہیں، اسی لیے میں نے اپنے ہائی کمشنر سے کہا ہے کہ وہ آپ کو پاکستان کے دورے کی ایک پرتپاک دعوت بھیجیں۔ اس دعوت پر آپ اپنی سہولت کے مطابق دورے کی تاریخ طے کر سکیں اور اپنی جوانی کے ایام کی پاکستان سے وابستہ خوبصورت یادیں ایک بار پھر تازہ کر سکیں۔ شہباز شریف پاکستان کے پہلے وزیراعظم ہیں جن کو لندن سٹاک ایکسچینج ٹریڈنگ اوپننگ کا اعزاز حاصل ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت پاکستان اور لندن کے اہم مالیاتی اداروں کے درمیان بڑھتے ہوئے روابط کا مظہر ہے۔ لندن سٹاک ایکسچینج گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈیوڈ شوئمر اور لندن سٹاک ایکسچینج گروپ کے سینئر حکام نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ لندن سٹاک ایکسچینج کی مارکیٹ اوپن تقریب پیٹرنوسٹر سکوائر میں واقع اس کے ہیڈ کوارٹرز میں منعقد ہوتی ہے اور اس کے ذریعے لندن میں کاروباری دن کی ٹریڈنگ کا باقاعدہ آغاز ہوتا ہے۔

بقیہ 3

سہیل آفریدی نے کہا کہ ہماری صفوں میں میر جعفر اور میر صادق بھی ہیں۔ ہم اسلام آباد فتح کرنے نہیں جارہے کہ وفاقی حکومت ہمارا راستہ روک رہی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم دو ہاتھ اور دو پاؤں لے کر جائیں گے، غلیلیں اور لاٹھیاں لے کر جانے کے حوالے سے الزامات ہیں۔ 4 اکتوبر کو ہم نے پشاور سے روانہ ہونا ہے

بقیہ 4

ب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مؤثر حکمتِ عملی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی جرات و بہادری پر فخر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان نے عالمی امن کے قیام اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنے ہزاروں بہادر سپوتوں اور بیٹیوں کی قربانیاں دی ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستانی قوم اور اس کی بہادر مسلح افواج میں پاکستان، خطے اور دنیا میں امن و استحکام کے دشمنوں کی کوششوں کو ناکام بنانے کا عزم اور صلاحیت موجود ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ دوست ممالک اور اتحادیوں کے تعاون سے امن و استحکام کے دشمنوں کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کامیاب آپریشنز میں حصہ لینے والے سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو اپنے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔

بقیہ 5

ور 25 ہزار سے زائد سپلائرز کامیابی کے ساتھ رجسٹر ہو چکے ہیں۔ نظام میں فول پروف شفافیت قائم رکھنے کے لیے اسے نادرا (NADRA)، ایف بی آر، ایس ای سی پی، پنجاب ریونیو اتھارٹی اور پاکستان انجینئرنگ کونسل کے ڈیٹا بیس سے براہ راست منسلک کیا گیا ہے۔ مزید برآں، بولی دہندگان (Bidders) کی سہولت کے لیے آن لائن بینک ٹرانسفر اور 1Link کے ذریعے بڈ سکیورٹی جمع کرانے کا آسان طریقہ کار بھی متعارف کرایا گیا ہے۔ اجلاس کو سرکاری نظام کی ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ای بز پورٹل پر اب تک 420 مختلف سرکاری خدمات آن لائن فراہم کی جا چکی ہیں۔ پورٹل پر اب تک موصول ہونے والی 1 لاکھ 6 ہزار درخواستوں میں سے 90 ہزار سے زائد درخواستوں کو فوری طور پر پروسیس کر کے شہریوں کو ریلیف فراہم کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری پنجاب نے تمام محکموں کو حکم دیا کہ وہ اپنے ہاں باقی رہ جانے والی تمام مینوئل سروسز کی فوری نشاندہی کریں اور انہیں ای بز پورٹل میں شامل کریں۔ انہوں نے عزم کا اظہار کیا کہ پنجاب کے محکموں کی تمام خدمات کو مکمل طور پر ڈیجیٹائز کیا جائے گا تاکہ سروس ڈیلیوری میں آسانی پیدا ہو۔ چیف سیکرٹری نے مزید کہا کہ عوام کو گھر بیٹھے خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے دستک ایپ بھی مکمل طور پر فعال انداز میں کام کر رہی ہے۔ ای پروکیورمنٹ اور ڈیجیٹلائزیشن کے علاوہ اجلاس میں صوبے کے دیگر اہم انتظامی امور بشمول گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ کے اجراء، اور مون سون بارشوں کے باعث پیدا ہونے والے سیلاب کے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے تیاریوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز اور ڈائریکٹرز جنرل نے شرکت کی، جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے

بقیہ 6

۔ واقعے کے دوران لڑائی مارکٹائی کے باعث کچھ دیر کے لیے ہائیکورٹ کا ماحول بھی متاثر ہوا۔ ہائیکورٹ سیکیورٹی اور پولیس اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عامر کو قابو کرلیا۔ پولیس نے ملزم کو حراست میں لے کر تھانہ ریس کورس کے حوالے کر دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم عامر کے خلاف جعلی چیک کا مقدمہ پہلے ہی تھانہ ریس کورس میں درج ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف مقدمے میں مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 7

عظمت شاہ سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ معاشی استحکام کے لئے کاروباری برادری کو سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کاروبار سے نہ صرف سماجی و اقتصادی ترقی ہوتی ہے بلکہ لاکھوں لوگوں کے لئے روزگار کے مواقع بھی میسر آتے ہیں۔ شاہ عالم مارکیٹ پورے ایشیا میں اپنے کام اور معیار کی وجہ سے جانی جاتی ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ تاجر برادری مشکل حالات میں ملکی ترقی میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بیوروکریسی کے لیے ایس او پیز بنانے چاہئیں تاکہ وہ اپنے اختیارات کا ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں۔ کاروبار ہوگا تو ملک بھی خوشحال ہوگا۔ تمام کاروبار بہت اہم ہیں چاہے چھوٹی سے دکان کیوں نہ ہو۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ کاروباری افراد کے لیے گورنر ہاؤس کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ اس موقع پر چیئرمین شاہ عالم مارکیٹ بورڈ اور ممبر ایگزیکٹو کمیٹی لاہور چیمبر آف کامرس سید عظمت شاہ نے گورنر پنجاب کو شاہ عالم مارکیٹ میں تاجر برادری کو درپیش بجلی، سڑکوں کی توڑ پھوڑ، بیوروکریسی کی ناجائز ہراسمنٹ اور پارکنگ سے متعلق مسائل سے تفصیلی آگاہ کیا۔ گورنر پنجاب نے تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے یقین دہانی کروائی۔

بقیہ 8

کے دوران اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر نے آئی جی پنجاب پولیس کی جانب سے رپورٹ عدالت میں پیش کی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ عدالت کی ہدایت پر ایف آئی آرز کا فونٹ سائز بڑھا دیا گیا ہے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ کیا پورے پنجاب میں اس فیصلے پر عملدرآمد ہو چکا ہے؟ اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل نے عدالت کو بتایا کہ پنجاب بھر میں ایف آئی آرز کا فونٹ سائز بڑھانے کے فیصلے پر عملدرآمد ہو چکا ہے اور اب شہریوں کو 14 فونٹ سائز میں ایف آئی آر کی کاپی فراہم کی جائے گی۔ سماعت کے دوران سابق ایس ایچ او چوہنگ راشد امین بٹ کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست بھی زیر سماعت آئی۔ درخواست گزار میاں جمیل احمد نے عدالت کو بتایا کہ وہ اپنی توہین عدالت کی درخواست واپس لینا چاہتے ہیں۔ عدالت نے درخواست واپس لینے کی استدعا منظور کرتے ہوئے توہین عدالت کی درخواست نمٹادی

بقیہ 9

لت ہے، حکومت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ قانونی اور آئینی طریقہ کار کے ہوتے یہ چاہتے ہیں کہ جلسے جلوس اور شہروں پر چڑھائی کرکے بانی کی رہائی کروائی جائے تو ایسا نہیں ہوسکتا۔ اعظم نذیر تارڑ نے عمران خان کو نجی اسپتال منتقل کرنے کے سپریم کورٹ کے حکم پر موقف دیا کہ سپریم کورٹ نے معائنے کا حکم دیا تھا وہ ہو گیا، اگر حکم پر عملدرآمد میں کوئی کمی بیشی ہے تو اسے عدالت کو دیکھنا ہے، جلسے جلوس سے ایسا نہیں ہوگا۔ دوسری جانب پی ٹی آئی رہنما سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ لانگ مارچ 14 اکتوبر تک موخر کرنے کے بعد اب حکومت کے پاس موقع ہے کہ مذاکرات کرے، حکومت ایک قدم اٹھائے تو مذاکرات شروع ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 10

کہ ترقیاتی منصوبوں کے باعث شہریوں کو طویل عرصے تک آمدورفت میں مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ بلال یاسین نے تمام اضلاع میں سڑکوں کی بحالی کے کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بحالی کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے اور جاری کام مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔ صوبائی وزیر نے تمام ایم ڈی ایز سے گزشتہ مون سون سیزن کے دوران نکاسی آب میں پیش آنے والے مسائل کے حوالے سے مفصل رپورٹ طلب کرلی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ایم ڈی ایز اپنے اضلاع میں جاری کاموں کی ذاتی نگرانی کریں اور متعلقہ سیاسی نمائندگان سے موثر کوآرڈینیشن یقینی بنائیں۔ وزیر ہاؤسنگ نے ڈی جی واسا پنجاب کو تمام جاری منصوبوں کے لیے واضح ٹائم لائنز مرتب کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے موثر مانیٹرنگ کا نظام وزیر اعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 11

بنایا جا سکتا ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی حالیہ لہر کا ملبہ صوبائی حکومت پر ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے، جبکہ صوبائی حکومت اور وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو دہشت گردوں کا سہولت کار قرار دینے کا بیانیہ بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 12

غلیلیں اور لاٹھیاں لے کر جانے کے حوالے سے الزامات ہیں۔ 4 اکتوبر کو ہم نے پشاور سے روانہ ہونا ہے۔ تحریک انصاف کے پارلیمانی پارٹی اجلاس میں 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار رکھا گیا، جبکہ ارکان اسمبلی کی جانب سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز وزیر اعلیٰ نے مسترد کردی۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے ارکان کو ہدایت کی کہ کارکنوں میں مایوسی نہ پھیلائی جائے، ہم نے 4 اکتوبر کو نکلنا ہے، 4 اکتوبر کے لئے تیاری پکڑیں، ہم نے پرامن لانگ مارچ کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق پارٹی عہدیداروں نے بھی لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار رکھنے کی تجویز دی۔ تحریک انصاف کے صوبائی صدر جنید اکبر نے ملک سے باہر موجود ارکان اسمبلی اور عہدیداروں کو وطن واپسی کی ہدایت کردی۔ جنید اکبر نے کہا کہ جو ایم پی ایز، ایم این ایز یا پارٹی قائدین 4 اکتوبر کو پاکستان میں موجود نہیں ہوں گے، ان کا پاکستان تحریک انصاف سے کوئی تعلق نہیں ہوگا، وہ اپنے لیے کوئی دوسری پارٹی بنالیں۔

بقیہ 13

ہمدردی کا اظہار کیا۔ تعزیت کرنے والی شخصیات نے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت اور درجات کی بلندی، جبکہ لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ جیسکو ترجمان

بقیہ 14

ذمہ داری صرف جرائم کی روک تھام تک محدود نہیں بلکہ قانون کی بالادستی، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور معاشرے میں امن قائم کرنا بھی اس کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے عوام سے رابطہ اور تعاون بڑھائیں، ان کے مسائل سمجھیں اور ان کے حل میں موثر کردار ادا کریں۔ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا مضبوط رشتہ دیرپا امن کی بنیاد ہے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے زیر تربیت افسران پر زور دیا کہ وہ اپنے اختیارات دیانت داری، ذمہ داری اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق استعمال کریں اور فرائض کی انجام دہی میں میرٹ، قانون، انصاف اور انسانی وقار کو مقدم رکھیں۔ بلوچستان کی صورتحال سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ وہاں دہشت گردی کا مسئلہ پیچیدہ ہے، پائیدار امن کے لیے حفاظتی اقدامات کے ساتھ ترقی، عوامی شمولیت اور معاشی مواقع پر بھی توجہ دینا ضروری ہے۔

بقیہ 15

کے مطابق دیگر خواتین قیدی بھی بھوک ہڑتال میں شامل ہونا چاہتی تھیں تاہم علیمہ خان نے انہیں منع کر دیا۔ معین قریشی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بار بار کہہ چکی ہیں کہ خواتین ان کی ریڈ لائن ہیں، تو پھر یہ کیسی ریڈ لائن ہے کہ عمران خان کے خاندان کی خواتین پابند سلاسل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان کی بہنوں نے کبھی کسی سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لیا، نہ ہی کسی سیاسی یا کور کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی بہنوں نے بطور اپوزیشن لیڈر انہیں بھی کبھی کوئی سیاسی مشورہ نہیں دیا بلکہ ان کا ہمیشہ کہنا تھا کہ ان کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں، وہ صرف بہن ہونے کے ناطے اپنے بھائی سے ملاقات کے لیے آتی ہیں۔ اپوزیشن لیڈر نے آئی جی جیل خانہ جات اور ہوم سیکرٹری سے مطالبہ کیا کہ تینوں بہنوں کو جیل مینوئل اور انسانی حقوق کے تحت حاصل حقوق فراہم کیے جائیں، ان کی اہلخانہ سے ملاقات کرائی جائے اور انہیں ادویات و کپڑے فراہم کرنے کی اجازت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس صورتحال کو پرامن طریقے سے برداشت کر رہے ہیں تاہم پنجاب حکومت کا رویہ قابل قبول نہیں۔

بقیہ 16

پر فائرنگ سے تقریباً 60 معصوم شہری جاں بحق جبکہ سیکڑوں زخمی ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نشے کی حالت میں جرائم پیشہ افراد دکانوں اور گھروں میں داخل ہوکر ڈکیتیاں کررہے ہیں، حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے منشیات کا مکمل خاتمہ کرے تاکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 17

کی وجہ سے افغان حکومت کو معاشی خوشحالی نہیں ملتی تو یہ افغان عوام کے ساتھ زیادتی ہوگی

بقیہ 18

اعلیٰ افسران بھی شرکت کریں گے۔ کھلی کچہری میں علاقہ مکین پانی کی قلت، کم پریشر، آلودہ پانی، اضافی بلنگ، خراب پائپ لائنوں اور سیوریج کے مسائل براہ راست متعلقہ افسران کے سامنے پیش کر سکیں گے۔ کھلی کچہری جمعہ 2 اکتوبر کو شام 4 بجے کچھی میمن جماعت خانہ، گاڑی کھاتہ میں ہوگی۔ علاقہ مکینوں سے زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کرکے مسائل سے متعلق تحریری درخواستیں پیش کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ انتظامیہ کے مطابق درخواست کے ساتھ قومی شناختی کارڈ کی کاپی یا تفصیل، مسئلے کی مکمل وضاحت، نام، مکمل رہائشی پتہ اور رابطہ نمبر درج کرنا ضروری ہوگا تاکہ شکایات متعلقہ افسران تک پہنچا کر ان کے حل کیلئے کارروائی کی جاسکے

بقیہ 19

ن 2026 میں مہنگائی 1.11 فیصد رہی، جبکہ مئی میں شرح 7.11 فیصد تھی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مالی سال 26-2025 میں اوسط مہنگائی 1.7 فیصد ریکارڈ ہوئی، جولائی سے ستمبر معمول سے کم بارشوں کا امکان ہے، بارشوں کی کمی سے خریف فصلوں کو پانی کی کمی کا سامنا ہوسکتا ہے، کم بارشوں سے کپاس، چاول، گنے اور مکئی کی فصلیں متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ وزارت خزانہ کی رپورٹ کے مطابق جولائی سے مئی بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 8.5 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے، مالی سال 26-2025 میں ایف بی آر ٹیکس وصولیاں 01.13 کھرب روپے رہیں، ایف بی آر ٹیکس وصولیوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 8.10 فیصد اضافہ ہوا، جولائی سے مئی مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 6.1 فیصد تک محدود رہا۔

بقیہ 20

ی میر ظہور بلیدی، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، ارکان اسمبلی ڈاکٹر مالک بلوچ، ملک نعیم بازئی، سید ظفر علی آغا، میر عبید گورگیج، صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری، مشیر ماحولیات نسیم الرحمان ملاخیل، مشیر کھیل مینا مجید بلوچ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر اور دیگر حکام و سیاسی رہنما موجود تھے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ تقریب میں توقعات سے بڑھ کر لوگوں کی شرکت اور ان کے بھرپور جذبے کا اظہار خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ہمت اور طاقت دی ہے اور وہ اپنی بات کا کھل کر اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے میں چیئرمین ریلوے نے بھرپور تعاون کیا، جبکہ عوام کی موجودگی میں اس منصوبے کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ کو جاتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گزشتہ 78 سال کے دوران وزارت ریلوے اور صوبوں کے درمیان رابطوں کا فقدان رہا، تاہم اب تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک رسائی دینے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے پاکستان کسی ایک شخص یا صوبے کا نہیں بلکہ تمام پاکستانیوں کا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں انہوں نے وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے بھی ملاقات کی، جس میں وزیر اعظم نے واضح کیا کہ ریلوے کی سہولیات تک تمام صوبوں کی رسائی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور بلوچستان نے سب سے پہلے آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کیا، جس پر انہیں بے حد خوشی ہے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ اس منصوبے پر خوشی مجھ سمیت ہر اس پاکستانی کو ہے جو بلوچ، پشتون، سندھی، سرائیکی اور پنجابی سمیت تمام قومیتوں کو پاکستان کے ماتھے کا جھومر سمجھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، اس کے آئین اور قانون کو ماننے والوں کیلئے ہماری جانیں بھی حاضر ہیں، جبکہ جو پاکستان کے آئین و قانون کو تسلیم نہیں کرتے، انہیں قبول نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ ریلوے کی بلوچستان میں ایک طویل تاریخ ہے، جناح پیپلز ٹرین کے منصوبے کیلئے ریلوے کی کیرج فیکٹری اسلام آباد میں بوگیوں کی تعمیر و مرمت کا کام کیا گیا اور 120 دن میں منصوبے کی تکمیل ہوئی جس کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ کو جاتا ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کا وژن ہے کہ مین لائن ون (ایم ایل ون) منصوبے کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ وزیر اعظم نے ایم ایل ون کے تحت ڈھائی ارب روپے کے منصوبے کے افتتاح کا بھی کہا ہے جس کا آغاز سندھ سے ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک خوبصورت گلدستہ ہے جس کی خوشبو ہر جگہ پھیل رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی دہشت گردی کے خلاف کھل کر صف اول میں کھڑے ہیں، پاکستان کو دنیا کی کوئی طاقت شکست نہیں دے سکتی، ہم اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کا مقابلہ کرچکے ہیں

بقیہ 21

اور ملک بھر میں وسعت دی جائے گی۔ پلاننگ کمیشن کے مطابق ہیپاٹائٹس سی ایک خاموش بیماری ہے جو اکثر طویل عرصے تک بغیر نمایاں علامات کے انسانی جسم میں موجود رہ سکتی ہے اور بروقت تشخیص نہ ہونے کی صورت میں جگر کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اس چیلنج سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے حکومت پاکستان نے وزیر اعظم نیشنل پروگرام برائے خاتمہ ہیپاٹائٹس سی ایلیمینیشن شروع کیا ہے، جس کا مقصد ملک بھر میں سکریننگ، تشخیص، علاج اور بیماری سے بچاؤ کی سہولیات کو عام کرنا ہے۔ وزیر اعظم نیشنل پروگرام کے تحت لاکھوں پاکستانیوں کو مفت اور بروقت ہیپاٹائٹس سی سکریننگ، تصدیقی ٹیسٹ اور موثر علاج کی سہولت فراہم کرنے کا منصوبہ ہے۔ پروگرام کے تحت اسلام آباد میں اسکریننگ، تشخیص اور علاج کی سہولیات کا آغاز کیا جاچکا ہے جبکہ موبائل اسکریننگ کے ذریعے شہریوں تک خدمات کی رسائی بھی بڑھائی جارہی ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق پروگرام کو مرحلہ وار ملک بھر میں وسعت دی جائے گی، جس کے تحت 16 کروڑ 40 لاکھ سے زائد افراد کی اسکریننگ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں ابتدائی مرحلے کے دوران تقریباً 16 لاکھ افراد تک رسائی کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ پروگرام کا بنیادی مقصد 2030 تک ہیپاٹائٹس سی کو عوامی صحت کے بڑے خطرے کے طور پر ختم کرنے کے عالمی ہدف کی جانب پیش رفت کرنا ہے۔ حکومت نے سکریننگ اور علاج کی سہولیات کو عوام کے لیے مفت رکھنے پر خصوصی توجہ دی ہے۔ وفاقی وزیر صحت کے مطابق 12 سال اور اس سے زائد عمر کے افراد کی سکریننگ قومی پروگرام کا اہم حصہ ہے، جبکہ اسلام آباد میں متعدد سرکاری اسکریننگ مراکز فعال ہیں اور نجی شعبے کو بھی مفت سکریننگ کی رسائی بڑھانے کے لیے شامل کیا جا رہا ہے۔ ہیپاٹائٹس سی کی بروقت تشخیص اس پروگرام کا بنیادی ستون ہے۔ ماہرین کے مطابق بہت سے متاثرہ افراد اپنی بیماری سے لاعلم رہتے ہیں، جس کے باعث مرض کی تشخیص اس وقت ہوتی ہے جب جگر کو نمایاں نقصان پہنچ چکا ہوتا ہے۔ بروقت سکریننگ سے متاثرہ افراد کی شناخت، تصدیقی تشخیص اور علاج ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ حکومت نے ہیپاٹائٹس سی کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے طبی مراکز میں انفیکشن پریوینشن اور ہائی جین پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد، محفوظ انجیکشن پریکٹس اور غیر معیاری سرنجوں کی روک تھام پر بھی زور دیا ہے۔ وزیر اعظم نے تمام متعلقہ اداروں کو بیماری کی روک تھام، تشخیص اور علاج کے لیے مربوط اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ پروگرام صرف بیماری کی تشخیص اور علاج تک محدود نہیں بلکہ عوامی آگاہی، احتیاطی تدابیر اور صحت کے نظام کو مضبوط بنانے پر بھی توجہ مرکوز کرتا ہے۔ حکومت کے مطابق ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لیے وفاقی و صوبائی حکومتوں، صحت کے اداروں، ترقیاتی شراکت داروں، طبی ماہرین، نجی شعبے اور عوام کے درمیان موثر تعاون ضروری ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کا بوجھ نمایاں ہے اور پروگرام کی کامیاب عملدرآمد سے بیماری کے باعث ہونے والی اموات اور نئے انفیکشنز میں نمایاں کمی لانے میں مدد مل سکتی ہے۔ یہ قومی پروگرام اڑان پاکستان کے مساوات، تعلیم، صحت اور آبادی کے ستون سے بھی ہم آہنگ ہے۔ اس پروگرام کا بنیادی پیغام واضح ہے کہ قومی ترقی صرف انفراسٹرکچر کی تعمیر تک محدود نہیں بلکہ انسانی صحت، زندگی اور مستقبل کے تحفظ کو بھی ترقی کے عمل کا بنیادی حصہ بنانا ضروری ہے۔ حکومت نے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ ہیپاٹائٹس سی کی بروقت اسکریننگ کروائیں، اپنے خاندان کے افراد کو بھی ٹیسٹ کے لیے راغب کریں، اور محفوظ طبی و حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کریں۔ بروقت تشخیص، بروقت علاج اور عام احتیاط ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کی بنیاد ہے۔ صحت مند شہری ہی صحت مند، مضبوط اور پائیدار پاکستان کی ضمانت ہیں

بقیہ 22

پڑا اور کئی کاروباری معاملات بروقت مکمل نہ ہو سکے۔ شہریوں اور تاجروں نے مطالبہ کیا ہے کہ انٹرنیٹ سروس کو بلاتعطل اور مکمل طور پر بحال کیا جائے تاکہ کاروباری سرگرمیاں معمول پر آسکیں اور مزید مالی نقصان سے بچا جاسکے۔

بقیہ 23

ؤں پر سرکاری آٹے کی عدم فراہمی کے باعث وہ پرائیویٹ ملوں کا مہنگا آٹا خرید رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت آزاد کشمیر، وزیر خوراک اور ضلع میرپور کی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کھڑی شریف اور گردونواح کے تمام ڈپوؤں پر سرکاری آٹے کی باقاعدہ اور مسلسل فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ غریب عوام کو اس شدید مہنگائی کے دور میں کچھ راحت مل سکے۔

بقیہ 24

اشیائے خوردونوش مقررہ نرخوں پر فراہم کی جائیں، غیر معیاری، مضر صحت یا زائد المیعاد اشیاء کی فروخت سے ہر صورت اجتناب کیا جائے، خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق مزید سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔------

بقیہ 25

بھائیوں نے تھانہ پولیس چکسواری میں ابتدائی رپورٹ درج کروائی، جس کے بعد پولیس نے دونوں کی تلاش شروع کردی، تاہم فوری طور پر کوئی کامیابی حاصل نہ ہوسکی۔ بعد ازاں ان کے عزیزوں اور دوستوں نے اپنی مدد آپ کے تحت تلاش کا سلسلہ شروع کیا۔ دلاڑ میں مشہور آنکھوں والی دربار سے چکسواری آنے والے راستے پر انتہائی دشوار گزار اور ویران جنگل میں تلاش کے دوران آج شام تقریباً 4 بجے زاہد حسین اور اسامہ کی نعشیں مل گئیں۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ضروری کارروائی کے بعد مرحومین کی نعشیں ٹی ایچ کیو ہسپتال چکسواری منتقل کی گئیں، جہاں ضروری کارروائی مکمل ہونے کے بعد نماز جنازہ ادا کی گئی۔ زاہد حسین اور ان کے بھتیجے اسامہ کی اچانک اور المناک موت پر علاقے کی فضا سوگوار ہے۔ اہل علاقہ، تاجر برادری اور قصاب یونین کے افراد نے مرحومین کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

بقیہ 26

نصابی سرگرمیوں کا انعقاد طلبا و طالبات کی ذہنی و جسمانی نشوونما، شخصیت سازی اور مثبت سوچ کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سپورٹس ویک کی افتتاحی تقریبات میں بینظیر بھٹو شہید میڈیکل کالج کے طلبا و طالبات کی شاندار پرفارمنس دیکھ کر دلی خوشی ہوئی ہے۔ لیٹریری سوسائٹی اور کالج انتظامیہ اس کامیاب سرگرمی کے انعقاد پر مبارکباد کی مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر بھٹو شہید میڈیکل کالج کے قیام کے وقت اس کے انتظام و انصرام اور جملہ امور کے حوالے سے خدشات پائے جاتے تھے، تاہم آج ادارے کی تعلیمی کارکردگی اور نتائج دیکھ کر خوشی ہوتی ہے۔ موجودہ حکومت نے تعلیم اور صحت کے شعبوں پر خصوصی توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔ آزاد کشمیر کے تمام تعلیمی اداروں میں تعلیمی معیار، انتظامی امور اور طلبا و طالبات کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے لیٹریری سوسائٹی کے لیے ایک لاکھ روپے گرانٹ دینے کا اعلان بھی کیا۔ وزیر تعلیم سکولز انجینئر عمیر قیوم نے کہا کہ نوجوان نسل کو اپنی تہذیب، ثقافت، قومی اقدار اور وطن سے محبت کے جذبے سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نظریہ الحاق پاکستان سے وابستگی اور قومی تشخص کا شعور نوجوانوں کی فکری تربیت کا اہم حصہ ہیں۔ مختلف جنریشن وار کے تناظر میں نوجوانوں کو منفی پروپیگنڈے سے آگاہ کرنا اور انہیں تحقیق، درست معلومات اور مثبت سوچ کی طرف راغب کرنا وقت کی اشد ضرورت ہے۔ اس موقع پر ممبر قانون ساز اسمبلی و سابق وزیر حکومت چوہدری رخسار احمد نے کہا کہ سپورٹس ویک کی افتتاحی تقریب میں شرکت سے انہیں دلی مسرت ہوئی ہے۔ انہیں کھیلوں سے خصوصی شغف ہے، کھیلیں نوجوانوں کی مثبت تربیت، صحت مند طرز زندگی، نظم و ضبط اور ٹیم ورک کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرپور میں بینظیر بھٹو شہید میڈیکل کالج کا قیام خوش آئند اقدام ہے انہوں نے کہا کہ ان کے لیے باعث مسرت و اعزاز ہے کہ یہ اہم طبی تعلیمی ادارہ ان کے حلقہ انتخاب میں قائم ہے۔ تعلیمی اداروں میں نصابی سرگرمیوں کے ساتھ کھیلوں اور دیگر مثبت ہم نصابی سرگرمیوں کو فروغ دینے سے ہی ایک مثبت معاشرہ پروان چڑھتا ہے۔ تقریب میں طلبا و طالبات نے مختلف ہم نصابی سرگرمیوں کے ذریعے ملکی ثقافت، تہذیب و روایات اور قومی یکجہتی کو اجاگر کیا، جبکہ ثقافت، اتحاد اور یکجہتی کے فروغ کے لیے خصوصی نمائش بھی منعقد کی گئی۔ وزیر تعلیم سکولز انجینئر عمیر قیوم ایڈووکیٹ اور ممبر اسمبلی چوہدری رخسار احمد نے نمائش کا دورہ کیا اور طلبا و طالبات کی جانب سے پیش کیے گئے نمائشی فن پاروں کو سراہا۔ تقریب میں پرنسپل بینظیر بھٹو شہید میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر فیصل بشیر، وائس پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر طارق مسعود، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال میرپور ڈاکٹر اعجاز راجہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن ڈاکٹر اعجاز، اسسٹنٹ پروفیسر سردار زاہد، سردار طاہر محمود ایڈووکیٹ، سردار فرقان نواز، فیکلٹی ممبران اور طلبا و طالبات نے شرکت کی۔ اس موقع پر میڈیکل کالج انتظامیہ کی جانب سے وزیر تعلیم سکولز انجینئر عمیر قیوم ایڈووکیٹ اور ممبر اسمبلی و سابق وزیر حکومت چوہدری رخسار احمد کو شیلڈز بھی پیش کی گئیں

بقیہ 27

کھولنے کا فیصلہ ایران کی بعض شرائط پوری ہونے سے مشروط ہے اور تہران امریکی جواب کا انتظار کر رہا ہے۔ رپورٹس کے مطابق قطر ثالثی کے ذریعے ایران اور امریکا کے درمیان تجاویز کے تبادلے میں کردار ادا کر رہا ہے۔ عراقچی کے مطابق تہران اور قطری ثالثوں کے درمیان ان شرائط پر بات ہوئی ہے جن کے ذریعے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کی راہ نکالی جاسکتی ہے، جبکہ امریکی حتمی جواب قطر کے ذریعے ایران تک پہنچایا جائے گا۔ قالیباف کی تازہ وارننگ سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران آبنائے ہرمز، تیل کی برآمدات اور اپنی سیکیورٹی کو ایک دوسرے سے منسلک معاملات کے طور پر دیکھ رہا ہے۔ ان کا بیان ایسے وقت میں آیا ہے جب خطے میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور عالمی تیل کی ترسیل سے متعلق خدشات برقرار ہیں۔

بقیہ 28

بلا امتیاز عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سی ٹی او اسلام آباد نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض پیشہ ورانہ مہارت، ذمہ داری اور بھرپور محنت کے ساتھ انجام دیں اور ٹریفک کی روانی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے موثر اقدامات یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو دوران سفر درپیش مشکلات کے فوری ازالے، اہم شاہراہوں پر ٹریفک کی بہتر نگرانی اور ٹریفک قوانین پر یکساں عملدرآمد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ سی ٹی او اسلام آباد نے مزید ہدایت کی کہ تمام زونل افسران اپنے اپنے علاقوں میں ٹریفک کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کریں۔ رش کے اوقات میں اضافی توجہ دیں اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائیں۔ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، ذمہ دارانہ رویے اور بہتر عوامی خدمت کو بھی یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس شہریوں کو محفوظ، سہل اور بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے گی، جبکہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 29

ی۔ اجلاس کے دوران ڈی آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کی کارکردگی کا فرداً فرداً جائزہ لیا اور جرائم کی روک تھام، مقدمات کی تفتیش، ملزمان کی گرفتاری اور شہریوں کی دادرسی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بعض ایس ایچ اوز اور تھانہ جات کے انویسٹی گیشن افسران کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے تمام ایس ایچ اوز کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے 15 روز کی مہلت دی گئی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے ہدایت کی کہ متحرک جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف موثر اور ٹارگٹڈ کارروائیاں عمل میں لائی جائیں اور جرائم کے سدباب کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے سابقہ ریکارڈ یافتہ، اشتہاری اور عادی مجرمان کی گرفتاری یقینی بنانے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے موثر پولیسنگ کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مقدمات برخلاف مال میں برآمدگی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور مدعیان مقدمات سے مسلسل رابطہ رکھا جائے تاکہ انہیں مقدمات کی پیش رفت سے آگاہ رکھا جا سکے۔ جرائم کو چھپانا نہیں بلکہ جرائم پر قابو پانا پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے واضح کیا کہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا اور بدعنوانی ثابت ہونے پر بلاامتیاز سخت محکمانہ و قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، جبکہ فرائض میں غفلت اور ناقص کارکردگی پر محکمانہ کارروائی ہوگی۔ علی وسیم نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی بروقت دادرسی اور مسائل کے حل کے لیے باقاعدگی سے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جائے، شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر سنا جائے اور قانون کے مطابق فوری کارروائی یقینی بنائی جائے

بقیہ 30

ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

بقیہ 31

بنانا ہی تعمیر کا عمل اور بہترین نمونہ ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ نئی نسل کی کردار سازی کے لیے سیرت رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات کو محض تقریروں تک محدود رکھنے کے بجائے عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ سیرت مصطفیٰ ﷺ کی روشنی میں نسل نو کو درپیش فکری، اخلاقی اور معاشرتی مسائل کا متوازن اور عملی حل پیش کیا جانا چاہیے۔ نوجوانوں کو فرقہ واریت، انتہا پسندی اور گمراہ کن نظریات سے محفوظ رکھنے کے لیے موثر اور منظم اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے دینی طبقات سے اپیل کی کہ وہ اتحاد، اخوت، امن اور رواداری کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل میں اعلیٰ اخلاق، دیانت داری اور اتحاد امت کا شعور اجاگر کیا جائے تاکہ وہ ملک و ملت کے لیے مثبت کردار ادا کر سکے۔ محمد شاہد غوری نے مزید کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں، اس لیے انہیں دینی اقدار، قومی ذمہ داری، برداشت اور باہمی احترام کا شعور دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیرت مصطفیٰ ﷺ کے پیغام رحمت، عدل، اخوت اور حسن اخلاق کو عام کر کے ہی معاشرے میں پائیدار امن اور مثبت تبدیلی کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔

بقیہ 32

کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہر وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 33

شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔

بقیہ 34

عدالت نے پی ایم ڈی سی کے وکیل کو درخواستوں کی نقول فراہم کرنے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے افغان طلبہ کو کلاسز لینے سے روکنے کا حکم معطل کرتے ہوئے بائیومیٹرک رسائی بحال کرنے اور آئندہ سماعت تک ان کی تعلیم میں رکاوٹ نہ ڈالنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے پی ایم ڈی سی کا جواب جمع ہونے تک درخواستوں کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کردی

بقیہ 35

کا سامنا ہے اور دونوں کے پاس تنازعہ ختم کرنے کی وجوہات موجود ہیں۔ ان کے مطابق صدر ٹرمپ نے عندیہ دیا ہے کہ کسی حتمی معاہدے کو امریکہ میں وسط مدتی انتخابات کے بعد حتمی شکل دی جائے گی، تاہم اس حوالے سے تیاریوں کا عمل پہلے ہی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات میں سب سے مشکل معاملات ایران کی جانب سے مطلوب معاشی ریلیف سے متعلق ہوں گے، جن میں منجمد ایرانی اثاثوں کی بحالی اور اقتصادی پابندیوں کا خاتمہ شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ بعض معاملات میں براہ راست رعایتیں دینے کے بجائے قطر جیسے ثالثوں کے ذریعے مسائل حل کرنے کی کوشش کرسکتا ہے۔ امریکی بحری ناکہ بندی اور ایران پر وسیع تر معاشی دباؤ کا ذکر کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ واشنگٹن کثیر الجہتی دباؤ کی حکمت عملی اختیار کیے ہوئے ہے۔ بحری اقدامات کے علاوہ ایران کو عالمی مالیاتی نظام، ہوابازی اور دیگر اقتصادی ذرائع تک رسائی محدود کرنے کے لیے مسلسل پابندیاں عائد کی جارہی ہیں، جن کے ایرانی معیشت اور عوام کی فلاح و بہبود پر نمایاں منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کے گرد پابندیاں اور بحری دباؤ عالمی توانائی کی منڈیوں کو متاثر کرتے اور تیل و گیس کی قیمتوں میں اضافے کا باعث بن سکتے ہیں، اس لیے بحری ناکہ بندی امریکی دباؤ کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ ان کے مطابق مذاکرات میں ٹھوس پیش رفت ہونے تک امریکہ کی جانب سے ان اقدامات کو مکمل طور پر ختم کیے جانے کا امکان کم ہے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ خطے کی صورتحال بدستور پیچیدہ ہے، تاہم سفارت کاری کے لیے گنجائش اب بھی موجود ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے موقف کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران نے واضح کیا ہے کہ وہ سفارت کاری کے لیے بھی تیار ہے اور مزید حملے کی صورت میں دفاع کے لیے بھی تیار رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران اس امر پر بھی زور دے رہا ہے کہ یمن کے معاملات یمنی عوام کو خود طے کرنے چاہئیں اور بیرونی مداخلت سے گریز کیا جانا چاہیے۔ سردار مسعود خان نے اس امر پر زور دیا کہ مذاکرات کا تسلسل، کشیدگی میں کمی اور سفارتی رابطے خطے کی صورتحال کو مزید بگڑنے سے روکنے اور پائیدار سیاسی تصفیے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لیے ناگزیر ہیں

بقیہ 36

ش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ خاتون سائلہ پر شوہر کی وفات کے بعد دوسری بیوی کے بچوں کی جانب سے تشدد کی شکایت پر ایس ایچ او باغبانپورہ کو معاملہ حل کروانے کا حکم دیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے شہری کی مقدمے سے دستبرداری کے لیے دھمکیوں کی شکایت پر ایس ایچ او بادامی باغ کو شہری کو تحفظ فراہم کرنے کا حکم دیا۔ خاتون سائلہ کی سسرالیوں پر جہیز واپسی کی ڈیمانڈ پر خاتون پر ہی چوری کا الزام لگانے کی شکایت پر ایس ایچ او مصطفیٰ آباد کو معاملے کی تصدیق کر کے حل کروانے کی ہدایت کی گئی۔ فیصل کامران نے کہا کہ شہری مسائل کے حل کے لیے روزانہ دوپہر 1 سے 3 بجے تک کھلی کچہری سے رجوع کریں۔ اتوار کو دوپہر 12 بجے فیس بک لائیو کے ذریعے بھی شکایات درج کرائی جاسکتی ہیں۔

بقیہ 37

فراہمی سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے افسران کو پیشہ ورانہ ذمہ داریاں موثر انداز میں انجام دینے، باہمی رابطوں کو مزید بہتر بنانے اور سیکیورٹی و پولیسنگ کے مجموعی معیار کو مضبوط بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے سنٹرل پولیس آفس میں اردلی روم کا انعقاد کیا، جہاں پولیس افسران و جوانوں نے اپنے سرکاری اور ذاتی مسائل پیش کیے۔ آئی جی اسلام آباد نے تمام درخواست گزاروں کے مسائل تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو قواعد و ضوابط کے مطابق ان پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ پولیس افسران و جوانوں کے جائز مسائل کا بروقت ازالہ محکمانہ امور کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ درخواستوں اور محکمانہ معاملات کو بلاوجہ التوا کا شکار نہ کیا جائے بلکہ تمام امور میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق نمٹائے جائیں۔ کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے کہا کہ پولیس افسران و جوان شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات اپنے فرائض انجام دیتے ہیں، لہٰذا ان کی فلاح و بہبود اور جائز مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ عوامی خدمت کے ساتھ ساتھ اپنے ماتحت افسران و جوانوں کے مسائل کو بھی توجہ سے سنیں اور ان کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔ آئی جی اسلام آباد نے واضح کیا کہ حاضر سروس اور ریٹائرڈ پولیس افسران اپنے مسائل اور محکمانہ امور کے سلسلے میں براہ راست ان سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران و جوانوں کو موثر اور براہ راست رسائی فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رہے گا تاکہ ان کے مسائل کا بروقت اور شفاف حل یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 38

صبر جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو جلد مکمل صحت یابی نصیب ہو۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دے گی اور ملک میں امن، استحکام اور ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں، سیکیورٹی فورسز اور امدادی ٹیموں کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور ملکی سلامتی کیلئے ان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔

بقیہ 39

کشمیری نژاد معروف کاروباری و سیاسی شخصیت طارق بٹ نے کی اس موقع پر سٹیج سیکرٹری کے فرائض معروف سیاسی و سماجی شخصیت فرخ محمود ڈار نے انجام دیے جب کہ عشائیہ تقریب سے سابق ایڈووکیٹ جنرل آزاد کشمیر ریاض نوید بٹ، سابق صدر چیمبر آف کامرس سہیل شجاع مجاہد، سابق طالبعلم راہنما خواجہ سہیل شاہین، صدر انجمن تاجران چوک شہیداں میرپور آصف ندیم بٹ، انجمن تاجران ایف ون کے صدر فیاض بٹ، سابق ناظم یونین کونسل گجراں جہلم عامر میر، کونسلر میونسپل کارپوریشن میرپور میر خالد فاروق، سابق کونسلر خواجہ طاہر پہلوان، حاجی طارق محمود زرگر، اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔ سینیٹر ناصر بٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد نون لیگ میاں نواز شریف، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے وزیراعظم آزاد کشمیر ذوالفقار گیلانی کی پہلی ملاقات میں انہیں آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی کا انقلاب لانے اور ایک ماڈل سٹیٹ بنانے کے لیے آزاد کشمیر کی حکومت کو پہلے سو دن کے لیے ایکشن پلان دے دیا ہے اور نون لیگ کی قیادت نے وزیراعظم ذوالفقار گیلانی کو یقین دہانی بھی کرائی ہے کہ وہ آزاد کشمیر کی ترقی خوشحالی اور عوامی ریلیف کے لیے وہ ہر ممکن اقدامات اٹھاتے ہوئے پنجاب اور وفاق میں جاری تمام خصوصی پراجیکٹس کو آزاد کشمیر میں بھی شروع کریں گے تاکہ آزاد کشمیر میں ماضی کی محرومیوں کے ازالہ کے لیے نون لیگی حکومت سے عوامی بہبود کے جن منصوبوں کے شروع کرنے کا اعلان کیا تھا حکومت کے قیام سے قبل ہی میرپور اور مظفرآباد میں 20 گرین بسیں فراہم کردی گئی ہیں اور پانچ ہزار لیپ ٹاپ سکیم کے تحت فراہمی کی منظوری بھی وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنی کابینہ سے منظوری حاصل کر لی ہے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچایا جاسکے، انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں انتخابات کے دوران نون لیگی قیادت نے جو بھی وعدے کیے تھے وہ نئی آزاد حکومت کے قیام کے پہلے سو دنوں میں عملی طور پر عوام کو دکھائی دینا شروع ہو جائیں گے، سینیٹر ناصر بٹ نے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ وہ سیاسی و سماجی اور معاشرتی طور پر برادری کی فلاح و بہبود کے کاموں میں اپنا کردار پہلے سے بھی بڑھ چڑھ کر ادا کرسکیں اس موقع پر کشمیری برادری کی طرف سے پروفیسر خواجہ خورشید احمد اور خواجہ نوید احمد زرگر کی طرف سے سینیٹر ناصر ڈار کو خصوصی شیلڈ پیش کی گئی جبکہ کشمیری برادری کی نمایاں شخصیات کو بھی اپنے اپنے شعبوں میں نمایاں خدمات پر یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔

بقیہ 40

ست ان کا تحفظ کریں گے۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ پاکستان نہ صرف دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچائے گا بلکہ ان کے سرپرستوں اور مالی معاونت کرنے والوں کو بھی اسی انجام سے دوچار کرے گا، پاکستان دہشت گردی کے خلاف کامیابی حاصل کرے گا اور ساتھ ہی دنیا میں امن کے فروغ کے لیے اپنا کردار بھی جاری رکھے گا۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں پاکستان زندہ باد اور #PeaceMakerOfTheWorld کا ہیش ٹیگ بھی استعمال کیا۔

بقیہ 41

۔ایس پی انویسٹی گیشن صدر عبداللہ عمران چیمہ کی سربراہی میں ملزم کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی۔ انچارج انویسٹی گیشن تھانہ نواب ٹاؤن انسپکٹر محمد قاسم نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے قتل کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم نے ابتدائی تفتیش میں جائیداد کے تنازع پر اپنی والدہ کو قتل کرنے کا اعتراف کیا ہے۔ ملزم واردات کے بعد فرار ہوگیا تھا تاہم پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسے گرفتار کرلیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ واقعے کے دیگر پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے کہا کہ خواتین کو قتل کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، ملزم اب پولیس کی گرفت میں ہے مضبوط چالان مرتب کروا کر قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، جرائم پیشہ عناصر سے آہنی ہاتھوں کیساتھ نمٹا جائیگا۔

بقیہ 42

، ریکارڈ، صفائی سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے انکے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔

بقیہ 43

دستیاب نہیں، جبکہ بڑی تعداد میں بزرگ پنشنرز جدید موبائل فون، آن لائن ایپ اور ڈیجیٹل تصدیق کے طریقہ کار سے واقف نہیں۔ دوسری جانب بعض پنشنرز کو بینکوں میں بھی مناسب رہنمائی نہیں مل رہی اور انہیں نادرا دفاتر جاکر ڈیجیٹل تصدیق کروانے کا کہا جارہا ہے جس سے بزرگ شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پنشنرز رہنماؤں نے کہا کہ پنشن کوئی خیرات نہیں بلکہ عمر بھر ریاستی و سرکاری خدمت کا حق ہے اس لیے اس کے حصول کیلئے ایسا طریقہ کار اختیار کیا جائے جو آسان، قابل رسائی اور بزرگ شہریوں کیلئے سہولت کا باعث ہو۔ انہوں نے وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی، چیف سیکرٹری آزاد کشمیر اور اکاؤنٹنٹ جنرل آزاد کشمیر سے مطالبہ کیا کہ آزاد کشمیر میں انٹرنیٹ کی مکمل اور بلاتعطل بحالی تک ڈیجیٹل ایپ اور آن لائن تصدیقی نظام کو 6 ماہ کیلئے موخر کیا جائے اور اس دوران پنشنرز کیلئے سابقہ طریقہ کار برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ڈیجیٹل نظام ضرور متعارف کرائے مگر اس سے قبل ہر پنشنر کی رسائی، انٹرنیٹ کی دستیابی اور بزرگ شہریوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے متبادل سہولت بھی فراہم کی جائے تاکہ کسی بھی پنشنر کو صرف تکنیکی رکاوٹ کے باعث اپنی جائز پنشن کے حصول میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 44

نہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے اور ہسپتال میں دستیاب سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 45

ولی محمد نے کہا کہ متعدد مرتبہ توجہ دلانے کے باوجود صورتحال اب تک حل طلب ہے جس سے ٹیکس کمیونٹی کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا ہے لہذا ٹیکس دہندگان اور پریکٹیشنرز کو انکم ٹیکس ریٹرن فائلنگ کی قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے مناسب وقت فراہم کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیڈ لائن میں توسیع کی بدولت ٹیکس دہندگان و ٹیکس پریکٹیشنرز کو بغیر کسی غیر ضروری دشواری کے اپنی قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے میں سہولت ملے گی۔

بقیہ 46

ڑ شہری کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 47

رخائی جگہوں پر جمع ہونے سے روکنے کے لیے بروقت اٹھانے اور تلفی کا موثر نظام یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے زیرو ویسٹ صفائی آپریشن کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہر کے اہم مقامات، تجارتی علاقوں اور گنجان آبادیوں میں صفائی کا خصوصی خیال رکھا جائے، جبکہ کوڑا کرکٹ جلانے اور پھیلانے کے رجحان کی روک تھام کے لیے آگاہی اور فیلڈ اقدامات جاری رکھے جائیں۔ رانا ساجد صفدر نے پاک سری لنکا کرکٹ سیریز کے سلسلے میں پنڈی کرکٹ سٹیڈیم اور اس کے اطراف خصوصی صفائی انتظامات جاری رکھنے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ سٹیڈیم کے اطراف سڑکوں کی صفائی، واشنگ اور سویپنگ کے ساتھ کچرے کی بروقت منتقلی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ملکی و غیر ملکی شائقین کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے انسداد سموگ اور کوڑا کرکٹ کے خاتمے کے لیے سکولوں میں جاری آگاہی مہم کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ کو صفائی، کچرا مقررہ مقامات پر ڈالنے اور کچرا جلانے سے گریز کے حوالے سے آگاہی دی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ صاف ماحول کے لیے شہریوں کا تعاون اور شعور بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی نے واضح کیا کہ شہر میں صفائی کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور فیلڈ آپریشنز کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھی جائے گی۔ متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ صفائی، سموگ کنٹرول، زیرو ویسٹ آپریشن اور آگاہی سرگرمیوں کو مربوط انداز میں مزید تیز کیا جائے۔

بقیہ 48

کہ ترقیاتی منصوبوں کے باعث شہریوں کو طویل عرصے تک آمدورفت میں مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ بلال یاسین نے تمام اضلاع میں سڑکوں کی بحالی کے کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بحالی کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے اور جاری کام مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔ صوبائی وزیر نے تمام ایم ڈی ایز سے گزشتہ مون سون سیزن کے دوران نکاسی آب میں پیش آنے والے مسائل کے حوالے سے مفصل رپورٹ طلب کرلی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ایم ڈی ایز اپنے اضلاع میں جاری کاموں کی ذاتی نگرانی کریں اور متعلقہ سیاسی نمائندگان سے موثر کوآرڈینیشن یقینی بنائیں۔ وزیر ہاؤسنگ نے ڈی جی واسا پنجاب کو تمام جاری منصوبوں کے لیے واضح ٹائم لائنز مرتب کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے موثر مانیٹرنگ کا نظام وزیر اعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 49

کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے فوری اور موثر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔

بقیہ 50

غلیلیں اور لاٹھیاں لے کر جانے کے حوالے سے الزامات ہیں۔ 4 اکتوبر کو ہم نے پشاور سے روانہ ہونا ہے۔ تحریک انصاف کے پارلیمانی پارٹی اجلاس میں 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار رکھا گیا، جبکہ ارکان اسمبلی کی جانب سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز وزیر اعلیٰ نے مسترد کردی۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے ارکان کو ہدایت کی کہ کارکنوں میں مایوسی نہ پھیلائی جائے، ہم نے 4 اکتوبر کو نکلنا ہے، 4 اکتوبر کے لئے تیاری پکڑیں، ہم نے پرامن لانگ مارچ کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق پارٹی عہدیداروں نے بھی لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار رکھنے کی تجویز دی۔ تحریک انصاف کے صوبائی صدر جنید اکبر نے ملک سے باہر موجود ارکان اسمبلی اور عہدیداروں کو وطن واپسی کی ہدایت کردی۔ جنید اکبر نے کہا کہ جو ایم پی ایز، ایم این ایز یا پارٹی قائدین 4 اکتوبر کو پاکستان میں موجود نہیں ہوں گے، ان کا پاکستان تحریک انصاف سے کوئی تعلق نہیں ہوگا، وہ اپنے لیے کوئی دوسری پارٹی بنالیں۔

بقیہ 51

ممکن ہے۔ ایف بی آر نے خبردار کیا ہے کہ آمدنی یا اثاثوں سے متعلق معلومات چھپانے، غلط تفصیلات فراہم کرنے یا واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی میں کوتاہی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی اور ریکوری کے اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ قانونی تقاضے پورے ہونے کی صورت میں واجب الادا رقم کی وصولی کے لیے قانون کے مطابق بینک اکاؤنٹس سمیت دیگر ذرائع استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ ٹیکس دہندگان کو مشورہ دیا گیا ہے کہ ریٹرن جمع کرانے سے پہلے اپنے تمام مالی ریکارڈ، آمدنی کے ذرائع اور اثاثوں کی تفصیلات کا جائزہ لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ گوشوارے میں درج معلومات دستیاب دستاویزات سے مطابقت رکھتی ہوں۔ ٹیکس سال 2026 کا انکم ٹیکس ریٹرن ایف بی آر کی ویب سائٹ یا ٹیکس آسان (Tax Asaan) موبائل ایپ کے ذریعے جمع کرایا جاسکتا ہے۔ رہنمائی کیلئے ایف بی آر کی ہیلپ لائن 772-772-111-051، ای میل ((mailto:helpline@fbr.gov.pk[helpline@fbr.gov.pk] یا قریبی ایف بی آر دفتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ ایف بی آر نے ٹیکس دہندگان پر زور دیا ہے کہ آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر بروقت ریٹرن فائل کریں اور اپنی آمدنی و اثاثوں کی درست تفصیلات فراہم کرتے ہوئے واجب الادا ٹیکس ادا کریں۔

بقیہ 52

ذمہ داری صرف جرائم کی روک تھام تک محدود نہیں بلکہ قانون کی بالادستی، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور معاشرے میں امن قائم کرنا بھی اس کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے عوام سے رابطہ اور تعاون بڑھائیں، ان کے مسائل سمجھیں اور ان کے حل میں موثر کردار ادا کریں۔ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا مضبوط رشتہ دیرپا امن کی بنیاد ہے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے زیر تربیت افسران پر زور دیا کہ وہ اپنے اختیارات دیانت داری، ذمہ داری اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق استعمال کریں اور فرائض کی انجام دہی میں میرٹ، قانون، انصاف اور انسانی وقار کو مقدم رکھیں۔ بلوچستان کی صورتحال سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ وہاں دہشت گردی کا مسئلہ پیچیدہ ہے، پائیدار امن کے لیے حفاظتی اقدامات کے ساتھ ترقی، عوامی شمولیت اور معاشی مواقع پر بھی توجہ دینا ضروری ہے۔

بقیہ 53

کے مطابق دیگر خواتین قیدی بھی بھوک ہڑتال میں شامل ہونا چاہتی تھیں تاہم علیمہ خان نے انہیں منع کر دیا۔ معین قریشی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بار بار کہہ چکی ہیں کہ خواتین ان کی ریڈ لائن ہیں، تو پھر یہ کیسی ریڈ لائن ہے کہ عمران خان کے خاندان کی خواتین پابند سلاسل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان کی بہنوں نے کبھی کسی سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لیا، نہ ہی کسی سیاسی یا کور کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی بہنوں نے بطور اپوزیشن لیڈر انہیں بھی کبھی کوئی سیاسی مشورہ نہیں دیا بلکہ ان کا ہمیشہ کہنا تھا کہ ان کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں، وہ صرف بہن ہونے کے ناطے اپنے بھائی سے ملاقات کے لیے آتی ہیں۔ اپوزیشن لیڈر نے آئی جی جیل خانہ جات اور ہوم سیکرٹری سے مطالبہ کیا کہ تینوں بہنوں کو جیل مینوئل اور انسانی حقوق کے تحت حاصل حقوق فراہم کیے جائیں، ان کی اہلخانہ سے ملاقات کرائی جائے اور انہیں ادویات و کپڑے فراہم کرنے کی اجازت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس صورتحال کو پرامن طریقے سے برداشت کر رہے ہیں تاہم پنجاب حکومت کا رویہ قابل قبول نہیں۔

بقیہ 54

ممکن ہے۔ ایف بی آر نے خبردار کیا ہے کہ آمدنی یا اثاثوں سے متعلق معلومات چھپانے، غلط تفصیلات فراہم کرنے یا واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی میں کوتاہی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی اور ریکوری کے اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ قانونی تقاضے پورے ہونے کی صورت میں واجب الادا رقم کی وصولی کے لیے قانون کے مطابق بینک اکاؤنٹس سمیت دیگر ذرائع استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ ٹیکس دہندگان کو مشورہ دیا گیا ہے کہ ریٹرن جمع کرانے سے پہلے اپنے تمام مالی ریکارڈ، آمدنی کے ذرائع اور اثاثوں کی تفصیلات کا جائزہ لیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ گوشوارے میں درج معلومات دستیاب دستاویزات سے مطابقت رکھتی ہوں۔ ٹیکس سال 2026 کا انکم ٹیکس ریٹرن ایف بی آر کی ویب سائٹ یا ٹیکس آسان (Tax Asaan) موبائل ایپ کے ذریعے جمع کرایا جاسکتا ہے۔ رہنمائی کیلئے ایف بی آر کی ہیلپ لائن 772-772-111-051، ای میل ((mailto:helpline@fbr.gov.pk[helpline@fbr.gov.pk] یا قریبی ایف بی آر دفتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

Scanned with CamScanner

ہماری سیکیورٹی یقینی نہ ہوئی تو خطے کا کوئی انفرااسٹرکچر محفوظ نہیں رہیگا، ایران کی دھمکی

اگر ایران کو اپنے تیل کی فروخت کی اجازت نہیں دی جاتی تو خطے کے کسی دوسرے ملک کو بھی تیل فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہوگی

تہران آبنائے ہرمز، تیل کی برآمدات اور اپنی سیکیورٹی کو ایک دوسرے سے منسلک معاملات کے طور پر دیکھ رہا ہے

ایران (نمائندہ خصوصی) ایران کے چیف مذاکرات کار اور پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کی سیکیورٹی کی ضمانت نہیں دی گئی تو خطے میں کوئی بھی انفرااسٹرکچر محفوظ نہیں رہے گا۔ عربیہ وڈاٹس ڈاٹ یا فارسی سرکاری میڈیا کی جانب سے جاری ویڈیو میں قالیباف نے کہا کہ اگر ایران کو اپنے تیل کی فروخت کی اجازت نہیں دی جاتی تو خطے کے کسی دوسرے ملک کو بھی تیل فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ان کے بقول، اگر ایران کی سیکیورٹی یقینی نہیں بنائی گئی تو خطے کا کوئی انفرااسٹرکچر محفوظ نہیں رہے گا۔ قالیباف کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی ترسیل اور اس کی بحالی ایران اور امریکا کے درمیان جاری تنازع کا اہم معاملہ بنی ہوئی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بھی کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)



کراچی، ڈاؤ میڈیکل کالج میں نرسنگ کے طلبہ نے اپنے مطالبات کے حق میں دھرنے کے دوران سڑک بلاک کر رکھی ہے

تحفظ حرمین شریفین عالم اسلام کی اولین اور مشترکہ ذمہ داری ہے، محمد شاہد غوری

نوجوانوں کو انتہا پسندی اور گمراہ کن نظریات سے محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر اور منظم اقدامات ناگزیر ہیں

موجودہ دور کے فکری چیلنجز کا مقابلہ محض نعروں سے نہیں کیا جاسکتا، مثبت رہنمائی کا راستہ اپنانا ہوگا

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے نائب سربراہ محمد شاہد غوری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا تحفظ عالم اسلام کی اولین اور مشترکہ ذمہ داری ہے۔ خطہ اور ایران سمیت تمام کمزور اسلامی ریاستوں کے وقائع کے لیے پوری امت مسلمہ کو متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا موجودہ دور کے فکری چیلنجز کا مقابلہ محض نعروں سے نہیں کیا جاسکتا، بلکہ اس کے لیے تعلیم، تربیت، مکالمے اور مثبت رہنمائی کا راستہ اپنانا ہوگا۔ وہ گزشتہ شب راولپنڈی کے مہمیدارا ان سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر پاکستان سنی تحریک کے صوبائی صدر شمالی پنجاب محمد زاہد صہیب قادری، ضلعی صدر علامہ ریاض الرحمن صدیقی، ضلعی جنرل سیکرٹری علامہ قاسم موہڑوی، اسلام آباد راولپنڈی ڈویژن کے ادارکین چوہدری بابر جمشید اور محمد اویس قادری سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ محمد شاہد غوری نے کہا کہ سیرت طیبہ ﷺ فرد، خاندان، معاشرے اور ریاست کی اخلاقی و (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

راولپنڈی، رتہ امرال پولیس کی کارروائی، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) رتہ امرال پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا، تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے تین روز قبل سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو زخمی کیا تھا، رتہ امرال پولیس نے مقدمہ درج کر کے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کرلیا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

انسداد اسموگ سڑکوں کی واشنگ صفائی کا مؤثر میکنزم بنائی جائے، ساجد صفدر

صفائی ورکرز کا ادارے کی کارکردگی میں بنیادی کردار، تجارتی علاقوں اور گنجان آبادیوں میں صفائی کا خیال رکھا جائے

کوڑا کرکٹ جلانے اور پھیلانے کے رجحان کی روک تھام، فیلڈ اقدامات جاری رکھے جائیں، چیک تقسیم کی تقریب سے خطاب

راولپنڈی (خبر نگار) ایم ڈی سٹھرا پنجاب انجینئی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے 8 نمبر چونگی اور مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور مختلف مقامات پر جاری صفائی آپریشن کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے فیلڈ میں صفائی کی صورتحال، کچرے کی بروقت منتقلی، ورکرز کی موجودگی اور صفائی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر رانا ساجد صفدر نے صفائی ورکرز میں عیدالاضحیٰ اعزازیہ کے چیک تقسیم کیے اور عید کے موقع پر شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے ان کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ صفائی ورکرز ادارے کی کارکردگی میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں اور ان کی محنت قابل قدر ہے۔ ایم ڈی نے متعلقہ افسران اور فیلڈ عملے کو ہدایت کی کہ شہر میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور اسموگ کے لیے سڑکوں کی واشنگ، سویپنگ اور صفائی کی سرگرمیوں میں تیزی لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کچرے کو سڑکوں او (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)



سیکرٹری ڈاکٹر احسان بھٹہ عرس کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

سی ٹی وا اسلام آباد کی زیر صدارت اہم اجلاس

شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے اہم احکامات جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن اتھر خان کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں سی ٹی او نے ٹریفک پولیس افسران کو ٹریفک کی روانی، موثر ٹریفک مینجمنٹ اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے اہم احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن اتھر خان کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں سی ٹی او نے ٹریفک پولیس افسران کو ٹریفک کی روانی، موٹر ٹریفک مینجمنٹ اور شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے اہم احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن اتھر خان کی زیر صدارت اسلام آباد ٹریفک پولیس کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس پی ٹریفک اور تمام زونل ڈی ایس پیز نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، موثر ٹریفک مینجمنٹ، شہریوں کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی اور ٹریفک قوانین پر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ڈی آئی جی کی زیر صدارت انسداد جرائم اور پولیس کارکردگی کا جائزہ اجلاس

ناقص کارکردگی پر بعض ایس ایچ اوز اور انوسٹی گیشن افسران کو شوکاز نوٹس جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی زیر صدارت انسداد جرائم اور پولیس کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ناقص کارکردگی پر بعض ایس ایچ اوز اور انوسٹی گیشن افسران کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے 15 روز کی مہلت دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم کی زیر صدارت انسداد جرائم اور پولیس کارکردگی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن سلیمان غضنفر، ایس ایس پی سیکورٹی ابوذر شفیق، زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ بنشیات سپلائر علی کو 9 سال قید، 80 ہزار جرمانے کی سزا

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات سپلائر علی کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم علی کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم علی سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ پنجگالہ پولیس نے اگست 2025ء میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی مو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

انکم ٹیکس ریٹرن فائلنگ کی تاریخ میں 30 اکتوبر تک توسیع کا مطالبہ

ٹیکس دہندگان پریشان، بار بار شکایات کے باوجود مسئلہ حل نہ ہوسکا، سلیم ولی محمد

ٹیکس کمیونٹی کو غیر ضروری مشکلات سے بچانے کے لیے ریلیف دیا جائے، پیٹرمین

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان ایسوسی ایشن آف آڈیٹرز اینڈ اکاؤنٹنٹس (پی ایس ڈی ای اے) نے پیٹرمین ایف بی آر فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کا شدید محمود ذکریا سے مطالبہ کیا ہے کہ آئی آر آئی ایس پورٹل میں مسلسل خرابی کے باعث 30 ستمبر 2026 کو ختم ہونے والے ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاملہ براہ راست کے نوٹس میں بارہا لایا گیا مگر تاحال آئی آر آئی ایس پورٹل گزشتہ ایک ہفتے سے زائد عرصے سے غیر فعال ہے جس کے باعث ٹیکس پریکٹیشنرز کے لیے بروقت ریٹرن فائل کرنا ممکن ہوگیا ہے۔ سلیم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



کوئٹہ: والبجدین کے رہائشی اللہ داد بیٹی ہلاکت سے متعلق پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ہوائی فیملی کا دورہ مریضوں سے ملاقات، ہر ممکن سہولیات دی جائیں، ڈی سی راولپنڈی

مختلف شعبوں کا معائنہ، مریضوں، لواحقین سے ملاقات، علاج معالجے، ادویات فراہمی اور دستیاب سہولیات بارے دریافت

صفائی ستھرائی اور طبی خدمات پر توجہ دی جائے، کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر کی ہسپتال دورہ کے موقع پر انتظامیہ کی ہدایات

راولپنڈی (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہوائی فیملی ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے علاج معالجے، ادویات کی فراہمی اور ہسپتال میں دستیاب سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف وارڈز، ایمرجنسی سمیت دیگر شعبوں میں صفائی ستھرائی، طبی سہولیات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایات کی۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال میں پینے کے صاف پانی کے واٹر فلٹریشن پلانٹس کا بھی معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ تمام پلانٹس فعال حالت میں رکھے جائیں۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

کوئٹہ: والبجدین کے رہائشی اللہ داد بیٹی ہلاکت سے متعلق پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

رٹھو عہد یام اپروچ روڈ پر درختوں کی کٹائی ماحول دشمن اقدام ہے، چوہدری مہران

برج عوام کا ایک اہم اور تاریخی منصوبہ ہے، لیکن اس منصوبے کی آڑ میں درختوں کی کٹائی کسی صورت قبول نہیں

درخت کاٹنے کی کوئی قانونی اجازت موجود ہے تو اسے فوری طور پر عوام کے سامنے لایا جائے، یوتھ کونسلر

اسلام گڑھ (نامہ نگار) یوتھ کونسلر چوہدری مہران نے کہا ہے کہ رٹھو عہد یام برج کی اپروچ روڈ کے دونوں اطراف ہرے بھرے درختوں کی کٹائی ماحول دشمن اقدام ہے۔ کنسٹرکشن لابی درختوں کی کٹائی پر اپنا موقف واضح کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا۔ یوتھ کونسلر میونسپل لیٹی اسلام گڑھ چوہدری مہران نے رٹھو عہد یام چک ہریام پل اپروچ روڈ کے دونوں اطراف موجود درختوں کی کٹائی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ رٹھو عہد یام برج عوام کا ایک اہم اور تاریخی منصوبہ ہے، لیکن اس منصوبے کی آڑ میں درختوں کی کٹائی کسی صورت قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر درخت کاٹنے کی کوئی قانونی اجازت موجود ہے تو اسے فوری طور پر عوام کے سامنے لایا جائے، بصورت دیگر درختوں کی کٹائی بند کی جائے۔



ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں فزیوتھراپی کے عالمی دن کے حوالے سے آگاہی ریلی نکالی جارہی ہے

امریکہ اور ایران دونوں جنگ جاری رکھنا نہیں چاہتے، سردار مسعود خان

صدر ٹرمپ نے عندیہ دیا ہے کہ کسی ممکنہ معاہدے کو امریکہ میں وسط مدتی انتخابات کے بعد حتمی شکل دی جائے گی

ذاکرات کو وقت حاصل کرنے کی کوشش کے طور پر نہیں دیکھنا چاہیے، کیونکہ دونوں فریقوں کو جنگ کے خاتمہ کے لئے دباؤ کا سامنا ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) امریکہ، ایران اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران دونوں جنگ جاری رکھنے کے خواہشمند نہیں اور مذاکرات کے ذریعے تنازعہ کے حل کے لئے جاری سفارتی کوششیں تنازعہ کے حل کا اہم موقع فراہم کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے تیل کے ٹینکروں کی مکمل وصولی سے متعلق امریکہ کے بعض دعوؤں کو مسترد کیا ہے، تاہم اس نے مذاکرات جاری رکھنے سے انکار نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ قطر اس سفارتی عمل میں فعال کردار ادا کر رہا ہے جبکہ ایران کی جانب سے بھی مثبت سگنل موصول ہوئے ہیں۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ مذاکرات کو محض دکھاوے کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے، کیونکہ دونوں فریق اور تہران دونوں کو دباؤ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

آئی جی کی زیر صدارت سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس

مجموعی سیکورٹی صورتحال، آپریشنل امور اور محکمانہ کارکردگی کا جائزہ

سیکورٹی و پولیسنگ کے مجموعی معیار کو مضبوط بنانے کے احکامات جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی دارالحکومت کی مجموعی سیکورٹی صورتحال، آپریشنل استعداد، کار پولیس افسران و جوانوں سے متعلق امور اور مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے، آپریشنی رسپانس بہتر کرنے، پولیس وسائل کے مؤثر استعمال اور شہریوں کو بروقت اور معیاری پولیس سروسز کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

چار ماہ قبل شادی شدہ خاتون کا شوہر سونا لوٹ کر فرار، ڈی آئی جی آپریشنز کی کچہری میں پہنچ گئی

لاہور (خصوصی رپورٹر) شادی شدہ خاتون کا شوہر چار ماہ قبل سونا لوٹ کر فرار ہو گیا۔ خاتون اپنا مسئلہ لے کر ڈی آئی جی آپریشنز کی کچہری میں پہنچ گئی۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے ایس ایچ او ہادی باغ کو خاتون کے زیورات 7 دن کے اندر واپس دلوانے کا حکم دے دیا۔ اسی طرح موٹر سائیکل چوری مقدمہ درج ہونے کے بعد موٹر سائیکل نہ ملنے کی شکایت پر ایس ایچ او گلشن شاہو کو موٹر سائیکل ملا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

لاہور میں 80 سالہ والدہ کو قتل کرنے والا سفاک بیٹا گرفتار، اپنی والدہ کو قتل کرنے کا اعتراف

لاہور (خصوصی رپورٹر) نواب ٹاؤن کے علاقے میں جائیداد کے تنازع پر اپنی 80 سالہ بزرگ والدہ کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے جائیداد کے تنازع پر اپنی والدہ سکینہ بیگ کو قتل کیا اور واردات کے بعد موقع سے فرار ہو گیا تھا۔ ڈی آئی جی انوسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے بزرگ خاتون کے قتل کا نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی گرفتاری کے لیے فوری اقدامات کی ہدایت کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ایس پی سیکورٹی کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ایس پی سیکورٹی اصغر علی گورائیہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سیکورٹی اصغر علی گورائیہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس پی سیکورٹی نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی سیکورٹی اصغر علی گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی، صادق آباد پولیس کی کارروائی

شہری پر تشدد کر کے زخمی کرنیوالا ملزم گرفتار، تفتیش شروع

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) صادق آباد پولیس نے ذاتی رنجش پر شہری پر تشدد کر کے زخمی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ذاتی رنجش پر شہری پر تشدد کر کے زخمی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، صادق آباد پولیس نے مقدمہ درج کر کے تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا تھا، تفتیش کے دوران ملزم نے ملزمہ کے ساتھ پہلے سے بھی ناجائز تعلقات ہونے کا انکشاف کیا، ملزمہ کے بیٹے کی گواہی کے لیے ویڈیو بھی سامنے آئی ہے، ملزم کو دوبارہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)



ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر ہوائی فیملی ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں زخمی بچی کی عیادت کر رہے ہیں

میر رضا کیس، بلاخانہ کے وکیل نے پولیس افسران سے تحریری سوالات جمع کروا دیے

جوڈیشل کمیشن نے ایڈیشنل آئی جی کراچی سمیت 3 افسران سے جوابات طلب کیے تھے

کراچی (خصوصی رپورٹر) میر رضا کیس کی تحقیقات کیلئے قائم جوڈیشل کمیشن میں مقتول کے اغوا کے وکیل جبران ناصر ایڈووکیٹ نے سینئر پولیس افسران سے متعلق تحریری سوالات جمع کرا دیے۔ ذرائع کے مطابق اغوا کے وکیل کی جانب سے کمیشن کو سوالات کے 2 سیل شدہ سیٹ موصول ہوئے ہیں۔ کمیشن نے ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جی عامر فاروق اور ڈی آئی جی فرخ لنجار سے تحریری جوابات طلب کرنے کا فیصلہ کیا تھا اور میر رضا کے اغوا کو اپنے سوالات جمع کرانے کی ہدایت کی تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیشن کی مزید کارروائی سندھ کابینہ کی جانب سے مدت میں توسیع سے مشروط ہے۔

راولپنڈی میں پولیس کی کارروائیاں

4 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ آر اے بازار، وارث خان، صادق آباد اور ٹیکسلا کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈی پی او سٹی ایس پی نے کہا کہ منشیات اور بلیک لیبل اسلحہ رکھنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 5 لیٹر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

افغان میڈیکل طلبہ کو کلاسز سے روکنے کا حکم معطل

تعلیم میں رکاوٹ نہ ڈالنے کا حکم، پی ایم ڈی سی سے جواب طلب

کراچی (خصوصی رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ میں افغان میڈیکل طلبہ کو ملک بدر کیے جانے کے خلاف درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ درخواست گزاروں کے وکیل افتخار شاہ ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی نے افغان طلبہ کو کلاسز لینے سے روک دیا ہے، ان کی بائیومیٹرک رسائی ختم کر دی گئی جبکہ ہاسٹل سے بھی بے دخل کیا جا رہا ہے، حالانکہ عدالت پہلے ہی افغان طلبہ کو بے دخل کرنے سے روک چکی ہے۔ پی ایم ڈی سی کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ انہیں درخواستوں کی نقول فراہم نہیں کی گئیں۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد وفاقی وزیر اور نگزیب خان کھچی سے پاکستان میں تعینات میانمار کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

میرضا کیس بلاخانہ کے وکیل نے پولیس افسران سے تحریری سوالات جمع کروا دیے

جوڈیشل کمیشن نے ایڈیشنل آئی جی کراچی سمیت 3 افسران سے جوابات طلب کیے تھے

کراچی (خصوصی رپورٹر) میر رضا کیس کی تحقیقات کیلئے قائم جوڈیشل کمیشن میں مقتول کے اغوا کے وکیل جبران ناصر ایڈووکیٹ نے سینئر پولیس افسران سے متعلق تحریری سوالات جمع کرا دیے۔ ذرائع کے مطابق اغوا کے وکیل کی جانب سے کمیشن کو سوالات کے 2 سیل شدہ سیٹ موصول ہوئے ہیں۔ کمیشن نے ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جی عامر فاروق اور ڈی آئی جی فرخ لنجار سے تحریری جوابات طلب کرنے کا فیصلہ کیا تھا اور میر رضا کے اغوا کو اپنے سوالات جمع کرانے کی ہدایت کی تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیشن کی مزید کارروائی سندھ کابینہ کی جانب سے مدت میں توسیع سے مشروط ہے۔

دہشت گردی کے خلاف قومی عزم مزید مضبوط بنایا جائے، عشرت العباد

دہشت گرد حملے کی مذمت، شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا

کراچی (خصوصی رپورٹر) سابق گورنر سندھ اور میری پہچان پاکستان کے سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے ملتیہ دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ دہشت گردی کا افسوسناک واقعہ انسانیت، امن اور قومی انتظام کے خلاف کارروائی ہے۔ پوری قوم اپنے بہادر شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدائے کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

ریاض بغیر پاکستانا مکمل برادری کی فلاح و بہبود کے لیے کردار ادا کرینگے، ناصر بٹ

آزاد کشمیر بھر میں کشمیری برادری کے سرکردہ لوگوں کو متحد و متفق ہو کر آگے بڑھنا چاہیے

پنجاب اور وفاق میں جاری خصوصی پراجیکٹس کو آزاد کشمیر میں بھی شروع کرینگے، کشمیری کمیونٹی کی طرف سے عشائیہ تقریب میں خطاب

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان کے ایوان بالا میں مسلم لیگ نون کے سینیٹر ناصر بٹ نے کہا ہے کہ میر پور، راجوڑی سمیت آزاد کشمیر بھر میں کشمیری برادری کے سرکردہ لوگوں کو متحد و متفق ہو کر آگے بڑھنا چاہیے کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کشمیر کے بغیر پاکستان نامکمل ہے یہی وجہ ہے کہ کشمیری عوام نے آزاد کشمیر کے عام انتخابات میں نون لیگ پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے آزاد خطہ میں نون لیگ کی حکومت قائم کی ہے جس کا کریڈٹ قائد نون لیگ میاں نواز شریف کو جاتا ہے جن کی مدبرانہ قیادت نے آزاد خطہ میں اقتدار گیلانی کی قیادت میں نون لیگ کی حکومت میں